آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز منگل 12 جنوری 2021ء بمطابق 27 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 12

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00
اہل تشیع فجر صبح	05:45
اہل تشیع ظہرین	12:30
اہل تشیع مغربین	6:15

ترجمان پاک فوج

رافغان نستا میں داعش کی معاونت کر رہی ہے

پچھلی دہائی میں ایک طرف مشرقی سرحد اور لائن آف کنٹرول پر ہندوستان کی شرانگیزیاں جاری تھیں تو دوسری جانب مغربی سرحد پر کالعدم دہشتگرد تنظیموں، ان کے جوڑ توڑ اور پشت پناہی کے ذریعے پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کیا جا رہا تھا

اگر دہشتگردی کے خلاف آپریشن کی کامیابی کو پیمانے پر پرکھا جائے تو 08-2007 میں قبائلی اضلاع میں صرف 37 فیصد علاقے پر ریاستی عملداری رہ گئی تھی، الحمدللہ تمام ڈسٹرکٹس خیبر پختونخوا کا حصہ بن چکے ہیں

گزشتہ 10 سال پاکستان کے لیے ہر لحاظ سے بہت چیلنجنگ رہے، کراچی میں امن وامان کی صورتحال ترقی یافتہ ممالک کے دارالحکومتوں سے بھی بہتر ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے ترجمان میجر جنرل بابر افتخار نے کہا ہے کہ کراچی میں امن وامان کی صورتحال ترقی یافتہ ممالک کے دارالحکومتوں سے بھی بہتر ہے۔ میڈیا سے بریفنگ کے دوران پاکستان کے خلاف بھارتی اقدامات کے حوالے سے بات کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بھارت نے انٹیلیجنس بیوروکریسی کے حوالے سے جھوٹا پروپیگنڈا کیا اور کشمیر کے محاذ پر اپنی جارحیت کو چھپایا، پاکستانی میڈیا نے بھارتی پروپیگنڈے کو بے نقاب کیا جس پر میڈیا مبارکباد کا مستحق ہے۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ ہمیں ملک کو کامیاب بنانے میں اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہے، کورونا کے خلاف

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے آئی جی ایف سی ساؤتھ میجر جنرل ایمن بلال صفدر ملاقات کر رہے ہیں

امن دشمنوں کی کوشش ہے کہ وہ سافٹ ٹارگٹ کو نشانہ بنائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

صوبائی حکومت اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے صوبے میں رہنے والے تمام اقوام کو تحفظ فراہم کرنے کا پابند ہے، امن دشمنوں کی کوشش ہے کہ وہ سافٹ ٹارگٹ کو نشانہ بنائیں

صوبائی حکومت مچھ واقعہ کے بعد بلوچستان میں سیکورٹی صورتحال کی از سر نو جائزہ لیکر اس کی بہتری کیلئے کام کر رہی ہے، حکومت صوبے میں رہنے والے تمام اقوام کو تحفظ فراہم کرنے کا پابند ہے

ماضی میں وفاق دہشتگردی کے واقعات سے متاثرہ لوگوں کے ساتھ زبانی کلامی وعدے کرتے لیکن موجودہ وفاق اور صوبائی حکومت نے پہلی مرتبہ تحریری معاہدہ کیا ہے، جام کمال

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے کہا ہے کہ مچھ واقعہ انتہائی المناک، ملوث عناصر کی گرفتاری کیلئے تمام ادارے ایک پیج پر ہے، صوبائی حکومت اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے صوبے میں رہنے والے تمام اقوام کو تحفظ فراہم کرنے کا پابند ہے، امن دشمنوں کی کوشش ہے کہ وہ سافٹ ٹارگٹ کو نشانہ بنائیں

صوبائی حکومت مچھ واقعہ کے بعد بلوچستان میں سیکورٹی صورتحال کی از سر نو جائزہ لیکر اس کی بہتری کیلئے کام کر رہی ہے، ماضی میں وفاق دہشتگردی کے واقعات سے متاثرہ لوگوں کے ساتھ زبانی کلامی وعدے کرتے لیکن موجودہ وفاق اور صوبائی حکومت نے پہلی مرتبہ تحریری معاہدہ کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بم ڈی کو دیئے گئے انٹرویو میں کیا۔ وزیراعلیٰ جام کمال نے کہا کہ مچھ واقعہ انتہائی المناک تھا میں لواحقین سے دو

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے حاجی طاہر نوید کی سربراہی میں تاجروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

آپ کے اقتدار کے پانچ سال لوگوں کی بہتری کیلئے کام کرتے دیکھنا چاہتا ہوں، جام کمال

ضلع ژوب کے دور دراز علاقوں میں آئندہ بھی فری ویٹرنری کیمپ کا انعقاد کیا جائے گا، صوبائی وزیر

ژوب (این این آئی) ژوب کے علاقے کلی جام زئی کیڑی اور کلی خدوزئی میں لائیو اسٹاک اور ایف اے او کے اشتراک سے تین روزہ فری ویٹرنری کیمپ کا افتتاح صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و ماحولیات حاجی ملطانخان کاکڑ نے کیا جس میں ڈویژنل ڈائریکٹر

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

لیدر کی صنعت کو اپنی پوری صلاحیت پر چلانے کیلئے حکومت ہر ممکن تعاون کیلئے تیار ہے، عمران خان

ایسی صنعتیں جو ملک میں ویلیو ایڈڈ برآمدات کا ذریعہ ہیں انکو فروغ دینے کیلئے حکومت ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے لیدر ایسوسی ایشن کو یقین دہانی کرائی ہے کہ لیدر کی صنعت کو اپنی پوری صلاحیت پر چلانے کیلئے حکومت ہر ممکن تعاون کیلئے تیار ہے، ایسی صنعتیں جو ملک میں ویلیو ایڈڈ برآمدات کا ذریعہ ہیں انکو فروغ دینے کیلئے حکومت

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

صدر مملکت سے حاجی طاہر نوید کی ملاقات، معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال

بزنس کمیونٹی خصوصی افراد کو انکی صلاحیتوں اور قابلیت کے مطابق ملازمت فراہم کرنے کیلئے اقدامات کرے، صدر عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے حاجی طاہر نوید کی سربراہی میں تاجروں کے وفد نے ملاقات کی جس میں معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ بزنس کمیونٹی خصوصی افراد کو انکی صلاحیتوں اور قابلیت کے مطابق ملازمت

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی کی حکومت عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کام کر رہی ہے ہمارا مقصد عوامی مسائل کو حل کرنا ہے، میر جان محمد خان جمالی

اوستہ محمد (این این آئی) بابا گرگھوڑ داس کا 42 سالانہ برسی عقیدت و احترام سے اوستہ محمد میں منائی جا رہی ہے۔ جس میں سیکورٹی کے سخت انتظامات کیئے گئے ہیں جس میں ڈی پی او جعفر آباد خود سیکورٹی کی نگرانی کر رہے ہیں جبکہ بابا گرگھوڑ داس کی برسی کے موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی چیف آرگنائزر میر جان محمد خان

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو امن وامان کے حوالے منعقدہ داخلی سلامتی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سینٹ، ایوان صدر کو آرڈیننس کی فیکٹری بنا دی ہے، آئین کے تحت آرڈیننس حکومت کا اختیار ہے، اپوزیشن اراکین

معاملات پارلیمنٹ میں آنے چاہئیں، پارلیمنٹ کو اہمیت دی جائے، سینیٹ کے شو آف ہینڈ کے انتخاب سے چھوٹی جماعتوں بددلی پھیلے گی

عوام کو سینیٹ میں آنا چاہیے ہم ان کی تقریر سنیں گے، رضا ربانی، میر کبر شاہی، راجہ ظفر الحق، سید شبلی کا اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن اراکین نے کہا ہے کہ ایوان صدر کو آرڈیننس کی فیکٹری بنا دی ہے، آئین کے تحت آرڈیننس حکومت کا اختیار ہے معاملات پارلیمنٹ میں آنے چاہئیں، پارلیمنٹ کو اہمیت دی جائے، سینیٹ کے شو آف ہینڈ کے انتخاب سے چھوٹی جماعتوں بددلی پھیلے گی، عوام کی رائے کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے، وزیراعظم کو سینیٹ میں آنا چاہیے ہم ان کی تقریر سنیں گے جبکہ وزیر قانون فروغ نسیم نے کہا ہے کہ قانون سازی میں رکاوٹ کی وجہ سے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے آئی جی ایف سی ساؤتھ میجر جنرل ایمن بلال صفدر کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے آئی جی ایف سی ساؤتھ میجر جنرل ایمن بلال

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

پاک ایران آرمی ڈی شاہراہ پر دو مختلف حادثات میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 6 زخمی ہو گئے

چاغی (آن لائن) پاک ایران آرمی ڈی شاہراہ پر دو مختلف حادثات میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 6 زخمی ہو

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ضلع قلعہ سیف اللہ کے علاقے مسلم باغ میں ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق

مسلم باغ (آن لائن) ضلع قلعہ سیف اللہ کے علاقے مسلم باغ میں ٹریفک حادثے میں دو افراد

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

کیسکو کے تمام گرڈ اسٹیشنز اور فیڈروں کی بجلی مکمل طور پر بحال ہے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ 220 کے وی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

وفاقی محتسب کا زبردست اقدام، وفاقی محتسب کا کیسکو حکام کے خلاف بروقت کارروائی

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے اطلاعیہ کے مطابق عنایت اللہ خان کاکڑ Ex-ambassador نے وفاقی محتسب میں درخواست دی کہ پچھلے چھ ماہ سے مسلسل کیسکو کو درخواست دے رہے ہیں کہ B/290 چلتن ہاؤسنگ اسکیم ایئرپورٹ روڈ میں ٹرانسفارمر کو تبدیل کیا جائے جو کہ 100KV ہے اور جو 220 وولٹیج

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ملک میں بجلی بحال کرنے سے پہلے بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا اعلان شرمناک عمل ہے، شیری رحمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر شیری رحمن نے کہا ہے کہ ملک میں بجلی بحال

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

قیمتوں میں اضافے کو روکنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی بروئے کار لائی جائے، ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے صوبائی حکومتوں سے کہا ہے کہ وہ

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

مولانا فضل الرحمن راولپنڈی آنا چاہتے ہیں تو چائے پانی پلائیں گے، میجر جنرل بابر افتخار

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے ترجمان میجر جنرل بابر افتخار نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے سربراہ

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

سپریم کورٹ نے آئینی ڈیکلیئر کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی جانب سے بجلی کے ملک

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

دہشتگردوں کے خاتمے تک ہر حد تک جانے کیلئے تیار ہیں، ضیاء لانگو

دہشت گرد ایک منصوبہ بندی کے تحت صوبے میں امن و امان کی صورتحال خراب کرنے کے لئے کارروائیاں کر رہے ہیں

بلوچستان خطے کا وار زون ہے، دہشت گردوں کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے، وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بدامنی کی لہر ملک دشمن قوتوں کی سازش ہے، بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے دہشتگردوں کے خاتمے تک ہر حد تک جانے کے لئے تیار ہیں، یہ بات انہوں نے پیر کو امن وامان کے حوالے منعقدہ داخلی سلامتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی، اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط، انسپکٹر جنرل پولیس حسن بٹ، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز گورایہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوئٹہ و دیگر حکام نے شرکت کی اس موقع پر سانحہ مچھ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

حکومت احساس پروگرام کے تحت یتیم اور بیسہارا افراد کو ریلیف فراہم کرے گی، جام کمال

اسی طرح دور افتادہ علاقوں کے لوگوں کو علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی کیلئے ٹیلی میڈیسن سینٹرز کو بھی وسعت دی جائے گی

1597 نئی سکیمات میں سے 1505 سکیموں کی پی ڈی ڈبلیو پی اور ڈی ایس سی نے منظوری دے دی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت یہاں منعقد ہونے والے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں سالانہ ترقیاتی پروگرام 21-2020 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر مواصلات میر عارف جان محمد حسنی، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات محترمہ بشریٰ رند، چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ فضیل اصغر، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات عبدالصبور کاکڑ، سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی محمد بلال جمالی، سیکرٹری خزانہ پنہ خان بلیدی سیکرٹری روڈز سلیم اعوان، سیکرٹری ہاؤسنگ غلام علی بلوچ، سیکرٹری اطلاعات شاہ عرفان غرشین، کمشنر کوئٹہ ڈویژن اسفندیار کاکڑ و دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران چیف سیکرٹری بلوچستان نے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جاری اور نئے ترقیاتی منصوبوں کیلئے تقریباً 155 ارب روپے کی اتھارائزیشن دے دی ہے۔ جبکہ 1597 نئی سکیمات میں سے 1505 سکیموں کی پی ڈی ڈبلیو پی اور ڈی ایس سی نے منظوری

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

کرونا وائرس، احتیاط نہ کی تو خطرے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، اسد عمر

دوسری لہر میں تیزی آئی تو ہم نے نومبر کے آخری ہفتے میں اپنے تجزیے کے تحت زیادہ خطرے کے حامل علاقوں کو بند کر دیا تھا

صحت کے نتائج ہمارے فیصلوں اور ذاتی انتخاب سے بھرپور طریقے سے منسلک ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقیات اور خصوصی اقدامات اسد عمر نے ایک بار پھر قوم سے کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے احتیاطی تدابیر پر عمل کرنے کی اپیل کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ صحت کے نتائج ہمارے فیصلوں اور ذاتی انتخاب سے بھرپور طریقے سے منسلک ہیں۔ ہم کو اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ جب دوسری لہر میں تیزی آئی تو ہم نے نومبر کے آخری ہفتے میں اپنے تجزیے کے تحت زیادہ خطرے کے حامل علاقوں کو بند کر دیا تھا۔

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

قلعہ عبداللہ کے علاقے میں لیویز کی کاروائی 200 کلوگرام چرس برآمد

کوئٹہ (این این آئی) قلعہ عبداللہ کے علاقے میں لیویز کی کاروائی 200 کلوگرام چرس برآمد، اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ جہانزیب شیخ کے مطابق ہیڈ کوارٹر فورس نے قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان میں مہاجر کیمپ نورک میں خفیہ اطلاع پر منشیات فروشوں کے اڈے پر چھاپہ مار کر 200 کلوگرام چرس برآمد کر کے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

افغانستان میں تمام دہشت گرد اکٹھے ہو رہے ہیں، شیعہ سنی فسادات کرانا چاہتے ہیں، وزیر داخلہ

پاکستان ڈیلیٹ ہونے جا رہا تھا اللہ نے رحم کیا ہم بچ گئے، اداروں میں وسائل کی کمی ہے، انشاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا، شیخ رشید احمد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے انکشاف کیا ہے کہ افغانستان میں تمام دہشت گرد اکٹھے ہو رہے ہیں، دہشت گرد شیعہ سنی فسادات کرانا چاہتے ہیں، پاکستان ڈیلیٹ ہونے جا رہا تھا اللہ نے رحم کیا ہم بچ گئے، اداروں میں وسائل کی کمی ہے، انشاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا، مریم نواز کی حکمت عملی پٹ گئی ہے، پیپلز پارٹی بھی اپنی سندھ حکومت ختم نہیں کرے گی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا کہ ہزارہ برادری کے ساتھ پکی بار تحریری معاہدہ ہوا ہے، ان کے شناختی کارڈ اور سکیورٹی کا بھی مسئلہ ہے، ہزارہ برادری کے مسائل حل کریں

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

بی میرچا کریو یونیورسٹی کی لائبریری کیلئے ریاض ندیم نیازی اپنی کتاب کا تحفہ پیش کر رہے ہیں

سکول بند کرنا مشکل فیصلہ تھا، این سی او سی کی سفارش پر سکول بند کیے گئے ہیں، قائمہ کمیٹی برائے

کم فیس والے نجی اسکولز کو قرضے دینے کا معاملہ آئندہ کابینہ کمیٹی میں اٹھایا جائے گا، حکام

اسلام آباد (این این آئی) قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کو بتایا گیا ہے کہ سکول بند کرنا مشکل فیصلہ تھا، ہم این سی او سی کی سفارش پر سکول بند کیے گئے ہیں، کم فیس والے نجی اسکولز کو قرضے دینے کا معاملہ آئندہ کابینہ کمیٹی میں اٹھایا جائے گا، ایچ ای سی حکام نے شکوہ کیا کہ انہیں پورا بجٹ نہیں دیا جاتا ہے، ہمیں وہی پرانا بجٹ دیا گیا ہے، ہم سے جامعات گرانٹ مانگ رہی ہیں ہم کہاں سے دیں اور کہا ہے کہ ملک کی 57 فیصد جامعات اب آن لائن پڑھانے کو تیار ہیں۔ گزشتہ روز نجیب الدین اویسی کی زیر

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

لیدر کی صنعت کو چلانے کیلئے حکومت ہر ممکن تعاون کیلئے تیار ہے، عمران خان

وزیراعظم سے پاکستان ٹینرز ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات، پاکستانی لیدر کی دنیا بھر میں بڑھتی ہوئی طلب پر بریفنگ

ایسی صنعتیں جو ملک میں ویلیو ایڈڈ برآمدات کا ذریعہ ہیں انکو فروغ دینے کیلئے حکومت ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے لیدر ایسوسی ایشن کو یقین دہانی کرائی ہے کہ لیدر کی صنعت کو اپنی پوری صلاحیت پر چلانے کیلئے حکومت ہر ممکن تعاون کیلئے تیار ہے، ایسی صنعتیں جو ملک میں ویلیو ایڈڈ برآمدات کا ذریعہ ہیں انکو فروغ دینے کیلئے حکومت ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے۔ یہ کو وزیراعظم عمران خان سے پاکستان ٹینرز ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی جس میں وفاقی وزیر حماد اظہر، مشیر عبدالرزاق داؤد، معاون خصوصی وقار مسعود اور چیئرمین پاکستان ٹینرز ایسوسی ایشن انجم ظفر نے شرکت کی۔ ملاقات میں وزیراعظم کو پاکستانی لیدر کی دنیا بھر میں بڑھتی ہوئی طلب کے بارے میں آگاہ کیا گیا، پاکستانی لیدر اپنے اعلیٰ معیار اور کم لاگت کی بدولت اس وقت دنیا بھر میں مقبول ہے، بتایا گیا کہ پاکستانی لیدر پر 300 فی صد تک ویلیو ایڈیشن کے بعد اسے دنیا کے مقبول برانڈز کو برآمد کرکے اربوں ڈالر زرمبادلہ کمانے کی صلاحیت موجود ہے، پاکستان میں بھیڑ، بکری، گائے اور بھینس کا

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی کی حکومت عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کام کر رہی ہے ہمارا مقصد عوامی مسائل کو حل کرنا ہے، میر جان محمد خان جمالی

اوستہ محمد (این این آئی) بابا گرگھوڑ داس کا 42 سالانہ برسی عقیدت و احترام سے اوستہ محمد میں منائی جا رہی ہے۔ جس میں سیکورٹی کے سخت انتظامات کیئے گئے ہیں جس میں ڈی پی او جعفر آباد خود سیکورٹی کی نگرانی کر رہے ہیں جبکہ بابا گرگھوڑ داس کی برسی کے موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی چیف آرگنائزر میر جان محمد خان

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں تقرریوں و تبادلوں کا نہ رکنے والا تسلسل جاری چوتھے میں چوتھے ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ کو تبدیل کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں تقرریوں و تبادلوں کا نہ رکنے والا تسلسل جاری چوتھے میں چوتھے ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ کو تبدیل کر دیا گیا۔ چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کے جاری کردہ احکامات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ سید زاہد شاہ کا تبادلہ کر کے انہیں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

سینیٹ انتخابات سے متعلق صدارتی ریفرنس، پورے آئینی ڈھانچے کو جانچنا پڑیگا، چیف جسٹس

صدارتی ریفرنس آرٹیکل 186 کے تحت قابل سماعت ہے، صدارتی ریفرنس آرٹیکل 226 کے اسکوپ سے متعلق ہے، اٹارنی جنرل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس گلزار احمد نے سینیٹ انتخابات اوپن ووٹ کے ذریعے کروانے کیلئے دائر کردہ صدارتی ریفرنس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں پورے آئینی ڈھانچے کو جانچنا پڑیگا، عدالت

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

رنگ روڈ منصوبہ سے جڑواں شہروں کے ٹریفک مسائل حل ہونگے، معاشی ترقی میں تیزی آئیگی، غلام سرور خان

ملکی تاریخ میں پہلی بار حکومتی اور اپوزیشن ممبران پر مشتمل کمیٹی ڈیمز پر کام کر رہی ہے

رنگ روڈ منصوبہ کے متعلق تمام تفصیلات کے بارے میں آگاہ رکھا جائے، وفاقی وزیر کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ہوا بازی غلام سرور خان نے کہا ہے کہ رنگ روڈ منصوبہ سے جڑواں شہروں کے ٹریفک مسائل حل ہونگے، معاشی ترقی میں تیزی آئیگی، ملکی تاریخ میں پہلی بار حکومتی اور اپوزیشن ممبران پر مشتمل کمیٹی ڈیمز پر کام کر رہی ہے، رنگ روڈ منصوبہ کے متعلق تمام تفصیلات کے بارے میں آگاہ رکھا جائے۔ وفاقی وزیر ہوا بازی غلام سرور خان نے کمشنر آفس راولپنڈی کا دورہ کیا اور رنگ روڈ راولپنڈی اور سال ڈیمز کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کی۔ کمشنر

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے تمام ہسپتالوں کو جدید سہولتیں فراہم کر رہے ہیں، نور محمد

صوبائی حکومت صوبے کے عوام کو صحت سے متعلق علاج و معالجہ کی بہترین سہولیات فراہم کرنے پر خطیر رقوم خرچ کر رہی ہے

صوبائی دارالحکومت سمیت صوبے کے تمام ہسپتالوں کو جدید سہولتیں فراہم کر رہے ہیں' صوبائی وزیر

کوئٹہ (پ ر) بی اے پی کے مرکزی رہنما صوبائی پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت صوبے کے عوام کو صحت سے متعلق علاج و معالجہ کی بہترین سہولیات فراہم کرنے پر خطیر رقوم خرچ کر رہی ہے اور پرائمری اور ضلعی سطح پر صحت کی جدید اور اعلیٰ معیاری سہولیات پہنچانے کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے جس سے شہر کے ہسپتالوں میں بھی رش کم ہو جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ سول ہسپتال کوئٹہ کا دورہ کرنے کے دوران ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس سٹاف اور مریضوں کے لواحقین سے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے دورہ سول ہسپتال کوئٹہ کا دورہ کرنے کے دوران مختلف وارڈز میں حلقہ انتخاب جرنائی زیارت اور سنجاوی سے تعلق رکھنے والے مریضوں کی عیادت کی اسکے علاوہ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

آئی ایم ایف کے پروگرام سے متعلق جلد اچھی خبر ملے گی، گورنر اسٹیٹ بینک

دونوں فریقین کے درمیان کوئی اختلاف نہیں، پاکستان کو مجی ڈی پی کی کم شرح بڑھانے کی ضرورت ہے، رضا باقر

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر رضا باقر نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کے ساتھ مالی سپورٹ پروگرام کی بحالی کے لیے مذاکرات کر رہا ہے اور کورونا وائرس کے برے اثرات کے باوجود معیشت میں بہتری کے لیے پرامید ہوں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایک کانفرنس میں رضا باقر نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ مارکیٹ اور دنیا کے لیے اچھی خبر ہوگی کیونکہ ہم پروگرام کو بحال کر رہے ہیں۔ رضا باقر نے کہا کہ دونوں فریقین کے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

ملاکنڈ ڈویژن میں پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری درگئی چوک کے مقام پر ریلی کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

سینیٹ الیکشن پر صدارتی ریفرنس، سینیٹر ایڈووکیٹ لطیف یوسفزئی بطور کونسل قومی اسمبلی نامزد کر دیئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ الیکشن پر صدارتی ریفرنس معاملے پر سینیٹر ایڈووکیٹ لطیف یوسفزئی بطور کونسل قومی اسمبلی نامزد کر دیئے گئے، سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کی جانب سے لطیف یوسفزئی کی بطور کونسل منظوری دی گئی۔ سپریم کورٹ میں سینیٹ الیکشن سے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

آل بلوچستان ٹرانسپورٹ ایکشن کمیٹی کا کسی سیاسی جماعت یا گروہ سے کوئی تعلق نہیں ہے

آل بلوچستان ٹرانسپورٹ ایکشن کمیٹی کا قیام ٹرانسپورٹ کے مسائل کے حل کیلئے بنایا گیا ہے، ترجمان آل بلوچستان ٹرانسپورٹ ایکشن کمیٹی

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان ٹرانسپورٹ ایکشن کمیٹی کے ترجمان نے اپنے جاری بیان میں وضاحت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ آل بلوچستان ٹرانسپورٹ ایکشن کمیٹی کا کسی سیاسی جماعت یا گروہ سے کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی کسی سیاسی جماعت یا گروہ سے وابستگی ہے آل بلوچستان ٹرانسپورٹ ایکشن کمیٹی کا قیام ٹرانسپورٹ کے مسائل کے حل کیلئے بنایا گیا ہے گزشتہ روز خضدار میں کسی سیاسی جماعت کے کہنے پر کوئی بھی احتجاج نہیں ہوا ہے آل بلوچستان ٹرانسپورٹ

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

پیٹرولیم مصنوعات کی اسمگلنگ کے تدارک کیلئے کریک ڈاؤن کا آغاز

بلوچستان کے راستے سمگل شدہ پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت سے قومی خزانہ کو 200 ارب روپے نقصان ہونے کا انکشاف

اینٹی اسمگلنگ اور سیکورٹی اداروں نے پیٹرولیم مصنوعات کی اسمگلنگ کے تدارک کے لئے کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے راستے سمگل شدہ پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت سے قومی خزانہ کو 200 ارب روپے نقصان ہونے کا انکشاف، اینٹی اسمگلنگ اور سیکورٹی اداروں نے پیٹرولیم مصنوعات کی اسمگلنگ کے تدارک کے لئے کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا۔ ایف بی آر حکام کے مطابق بلوچستان کے راستے ملک بھر میں سمگل کی جانے والی پیٹرولیم مصنوعات کی سمگلنگ سے قومی خزانہ کو سالانہ 2 ارب ڈالر یعنی 200 ارب روپے کا نقصان ہو رہا ہے یہ مصنوعات مختلف پٹرول پمپس پر فروخت کی جاتی ہیں جو کہ کسٹمز ایکٹ 1969 کی خلاف ورزی ہونے کے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

بھارت پاکستان میں دہشتگردوں کی پشت پناہی کر رہا ہے

شاہ محمود قریشی

پی ڈی ایم اتحاد کا مقصد موجودہ حکومت کو زق پہنچانا اور اداروں پر دباؤ ڈال کر کرپشن کے کیسز سے چھٹکارا حاصل کرنا ہے، جلد منتشر ہو جائے گا

لانگ مارچ پر بھی اتفاق نہیں، جب 31 جنوری کی ڈ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

12 جنوری 2021ء

محکمہ اطلاعات کی کارکردگی

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے چند روز قبل ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں سانحہ مچھ اور اس سے پیدا ہونے والی صورتحال میں حکومتی بیانیہ کو اجاگر کرنے کی ضرورت پر زور دیا تھا۔ اور اجلاس نے محکمہ داخلہ کے حکام پر مشتمل ترجمانوں کی ٹیم تشکیل دینے کا فیصلہ کیا تھا تاکہ ذرائع ابلاغ کو حکومتی فیصلوں اقدامات اور بیانیئے سے بروقت آگاہ کیا جاسکے۔ اب وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اپنی ایک ٹویٹ کے ذرائع ایک ٹی وی چینل پر ایک خبر کی تردید کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایک بڑے ٹی وی چینل پر چلنے والی ہے اطلاع درست نہیں کہ وزیر اعظم عمران خان کہ ان کے دورہ کوئٹہ کے موقع پر وزیر اعلیٰ ہاؤس میں گارڈ آف آنر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ اس بات پر دکھ اور حیرت کا اظہار کیا ہے کہ اس چینل نے خبر چلانے سے پہلے اسکی تصدیق نہیں کرائی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ٹی وی چینل سے شکایت بلکل درست ہے اور کسی بھی چینل یا اخبار کو تصدیق کے بغیر ایسی خبریں نہیں چلائی جائیں۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس غلط اطلاع پامس انفارمیشن کی تردید یا وضاحت کرنے کی ضرورت وزیر اعلیٰ کو کیوں درپیش ہوئی۔ اس مقصد کیلئے حکومت کا ایک پورا محکمہ کام کر رہا ہے۔ جس پر صوبائی حکومت سالانہ کروڑوں روپے خرچ کر رہی ہے۔ یہ بات حکام کے علم میں ہوگی کہ محکمہ اطلاعات کے افسران اور اہلکاروں پر مشتمل ایک مانیٹرنگ سیکشن موجود ہے۔ جو تمام ٹی وی چینلوں کی مانیٹرنگ کرتا ہے۔ اگر کسی چینل نے یہ غلط خبر چلائی تھی تو ان افسران کی ذمہ داری تھی کہ وہ فوری طور پر متعلقہ چینل سے رابطہ کر کے اس کی درستی کرائے۔ لیکن اگر محکمے کے افسران کو شعبہ اشتہار کے علاوہ کسی دوسرے شعبے سے کوئی دلچسپی ہو تو یہ کام ہوگا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کو سب سے پہلے اپنے میڈیا یا منیجرز کی کارکردگی کا جائزہ لینے اور ان میں بہتری لانے کیلئے اصلاحات کرنے کی ضرورت ہے۔ خاص طور سے ایک ایسے وقت میں جب ملک ہائی برڈ وار کا شکار ہے۔ میڈیا سے متعلق محکمے کی کارکردگی کو حالات کے تقاضوں کے مطابق موثر بنانا بہت ضروری ہوگیا ہے۔

نشہ ایک لعنت، ہماری نسلوں کو تباہ کر رہا ہے

نوجوان نسل کسی بھی ملک وقوم کے لئے ان کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ دور حاضر کا سب سے بڑا عظیم ترین المیہ

نادر خان علیزئی

منشیات جس نے انسانی زندگی کو مفلوج کر دیا ہے نشہ کے عادی لوگ اپنی جان کے دشمن اور اپنے رب کے ایسے ناشکر گزار بندے ہیں جو اس کی عطا کردہ زندگی کی قدر کرنے کے بجائے اسے برباد کرنے پر تلے ہوتے ہیں جبکہ منشیات فروش ملک وملت کے دو دشمن ہیں جو نوجوان نسل کو تباہ کر کے ملک کی بنیادیں کھوکھلا کر رہے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں منشیات کا بڑھتا ہوا رجحان اور نفسیاتی مسائل کسی سنگین خطرے سے خالی نہیں ہر روز ہم مختلف اخبارات اور الیکٹرانک وسوشل میڈیا پر اس طرح کے کئی خبریں دیکھتے اور سنتے ہیں۔ منشیات کا نشہ ایک ایسی لعنت ہے جو سکون کے دھوکے سے شروع ہوتی ہے اور زندگی کی بربادی پر ختم ہوجاتی ہے۔ نشہ ایک ایسی لعنت ہے جو ہمارے نسلوں کو تباہ کر رہا ہے۔ یہ ہمارا اخلاقی فرض ہے کہ ہم اپنے قریبی عزیزوں کو نشہ آور اشیاء، سگریٹ نوشی، وغیرہ کے استعمال سے محفوظ رکھیں۔ منشیات نے نہ صرف تعلیمی اداروں بلکہ معاشرے کو بھی متاثر کر رکھا ہے، جس کے انتہائی مضر اثرات معاشرے میں بھی نمایاں طور پر نظر آ رہے ہیں۔ راہ چلتے چھوٹے چھوٹے بچے بھی سگریٹ کا دھواں اڑاتے دیکھائی دیتے ہیں۔ اکثر بچے اور نوجوان والدین کی دی ہوئی تربیت میں چھوٹی سی غفلت اور سستی کے ساتھ کبھی کبھار غیر ضروری تجسس کی وجہ سے بھی نشے کا عادی اور منشیات جیسی لعنت کا شکار ہو رہے ہیں۔ والدین کا بچوں کو وقت نہ دینا اور انکو گھر میں اہمیت نہ دینے کی وجہ سے اکثر نوجوان بلوغت کی عمر کو پہنچنے سے پہلے ہی منشیات اور سگریٹ نوشی کو ترجیح دینے پر مجبور ہوجاتے ہے۔ اگر والدین اپنی مصروفیات زندگی میں سے کچھ نہ کچھ وقت اپنے بچوں کے لئے بھی نکال کر ان کی نگرانی بھی کریں، تاکہ والدین یہ جان سکیں کہ انکے بچوں کی دن بھر کی مصروفیات اور چہل پہل کس طرح اور کن لوگوں کے ساتھ ہوتی ہے اور وہ دن بھر کیا کرتے رہتے ہیں۔ بچے کہاں جاتے اور کس کس سے ملتے ہیں تو نہ صرف منشیات جیسے زلت سے ان کو بچایا جاسکتا ہے بلکہ اسی طرح کے دیگر منفی سرگرمیوں سے بھی بچوں کو محفوظ رکھا جاسکتا ہیں۔ کیونکہ بعض اوقات غلط صحبت ملنے کی وجہ سے بھی نوجوان اور بچے نشے کا عادی ہوجاتے ہیں۔

منشیات کی لت پوری دنیا میں ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے۔ اس وقت پوری دنیا منشیات کے خوفناک زہر کے حصار میں ہے نئی نسل اپنے تابناک مستقبل سے لاپرواہ ہو کر تیزی کے ساتھ اس زہر کو مٹھائی سمجھ رہی ہے اور کھائے جارہی ہے۔ جو کہ نوجوان نسل کو تباہ اور کھوکھلا کرتا جارہا ہے ان کی زندگی کو اندھیرے میں ڈال کر ان کی جوانی کو آہستہ آہستہ کھوکھلا کر رہا ہے منشیات کا عادی ہونا ایک خطرناک مرض ہے یہ خود انسان کو اور اس کے گھر بار کو معاشرے اور پورے ملک وقوم کو تباہ کر دیتا ہے یہی وجہ ہے کہ آج پوری دنیا میں اس کے خلاف آواز اٹھائی جارہی ہے لیکن اس کے باوجود اس میں دن بدن اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے۔

آخر کیوں.....؟؟؟

منشیات کا نشہ ابتداء میں ایک شوق ہوتا ہے جو کہ پھر آہستہ آہستہ ضرورت بن جاتا ہے۔ نشہ بیچنے والے افراد نئی نسل سے پیسے بٹور کر ان کو تباہی کی طرف دھکیل دیتے ہیں۔ نشے کے تاجروں کے ذریعے نئی نسل کو مختلف نشوں کی عادت میں مبتلا کیا جارہا ہے۔ کسی بھی ملک کی نئی نسل جب منشیات اور نشے کا عادی بن جاتے ہیں تو نتائج انتہائی خطرناک ہوجاتے ہیں۔ منشیات کی روک تھام کیلئے ہم سب کو اپنا فرض ادا کرنا ہے تاکہ ہر سطح پر اس کا خاتمہ کیا جاسکے۔ دنیا بھر میں منشیات کے خلاف بھرپور مہم چلائی جارہی ہے۔ والدین، اساتذہ، علماء، اہل قلم اور میڈیا کو چاہیے کہ لوگوں میں منشیات کے خلاف شعور بیدار کریں۔ تاکہ آنے والی نسلوں کو بھی اس لعنت سے بچایا جاسکیں۔

قائداعظم کی شخصیت

ہمارا پاکستان مملکت خداداد ہے اور اس کا وجود میں انا معجزانہ اور کرشماتی ہے۔ معجزہ یہ کہ ایک با اصول جنگ گو

الطاف حسین

بے باک اور انصاف کے تقاضوں سے واقف ایک لیڈر اور سب سے بڑھ کر یہ کہ مسلمانان ہند کا سچا خیر خواہ جو بابائے قوم اور قائداعظم کہلایا کراچی میں آگیا۔ مذکورہ ساری خوبیوں کے ساتھ قائداعظم محمد علی جناح ایک کرشماتی شخصیت کے طور پر تحریک پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد محض دس برس میں دنیا کی سب سے بڑی مملکت قائم ہوگی۔ اس دور میں عوام الناس نے بھی فرد فرد انہایت ایثار وقربانی کا مظاہرہ کیا اور قائداعظم محمد علی جناح کے فرمودات پر لبیک کہتے ہوئے فون کو شاہراہ ترقی پر گامزن کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ قائداعظم محمد علی جناح نے حصول پاکستان کے لئے خون کا دریا عبور کیا اور پاکستان کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے میں محنت اور لگن سے کام کیا۔ اور یہ فخر وہ بچے کی زبان پر رہا۔

لے کے رہیں گے پاکستان
بٹ کے رہے گا ہندوستان

قائداعظم محمد علی جناح کے دل میں اسلام اور مسلمانوں کا درد کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ وہ ایک سچے مسلمان تھے۔ آپ جب انگلستان گئے۔ تو وہاں جس ادارے میں انہوں نے داخلہ لیا اس کے متعلق قائداعظم نے فرمایا مجھے اس ادارے میں داخلہ لینا اس لیے پسند آیا اس کے صدر دروازے پر مفکرین اور بڑے آدمیوں کے نام لکھے تھے اور چونکہ ان ناموں میں سرفہرست پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی کندہ تھا اس لیے ایک مسلمان کی حیثیت سے مجھے اس ادارے میں داخلہ لینا بے حد پسند آیا اور میں نے وہاں ہی داخلہ لیا۔

وہ ایک مکمل سیاستدان تھے مجھے جن کی کوئی نظیر نہیں ہیں۔ وہ ایک مقبول لیڈر تھے۔ قائداعظم کی تمام باتیں سنجیدہ ہوتی تھی۔ ان کی کوئی بات فالتو نہیں ہوتی تھی۔ کے اتنی پیاری ہوتی تھی جو دلوں میں اترتی چلی جاتی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ وہ جہاں بھی تقریر کرتے تھے لوگ ان کی تقریریں غور سے سنتے تھے۔ تمام مجمع ان کی شخصیت اور الفاظ کی صداقت سے مسحور ہوجاتا تھا۔ جو ان کے چہرے اور حرکات وسکنات سے جھلکتی تھی۔

قائداعظم نہایت باصلاحیت اور باکردار شخصیت کے حامل تھے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے ایک بکھری ہوئی قوم کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا اور آزادی جیسی انمول نعمت سے ہمکنار کیا۔ اور یہ ان کی محنت کا نتیجہ تھا۔ جس کی وجہ سے ہم حصول پاکستان میں کامیاب ہوئے۔ ان کے کارناموں کو دیکھتے ہوئے اپنوں اور غیروں نے ان کی دل کھول کر پذیرائی کی اور اس سلسلے میں پنڈت جواہر لال نہرو کہتے ہیں کہ کہ قائداعظم اعلیٰ کردار اور سیرت کے مالک تھے اور یہی وہ موثر حربہ تھا جس کے ذریعے سے قائداعظم نے اپنی زندگی بھر کے معرکے کو طے کیا۔ اس سلسلے میں موہن داس کرم چند گاندھی نے کہا ہے کہ قائداعظم بلاشبہ اعلیٰ صفات کے مالک تھے۔ ان کا سیرت وکردار ان بلندیوں پر تھا جہاں کوئی طمع کوئی خوف کوئی طعنہ انہیں اپنے مقصد سے ہٹا نہیں سکتا تھا۔

آب کوثر، رود کوثر، موج کوثر

آب کوثر، رود کوثر اور موج کوثر، دوسری اسلامی کتب کی طرح سرمدز بک کلب آرمی بکویکشن

میر افسر امان

ڈائریکٹوریٹ، رمی، اتاچ، کیو، راولپنڈی نے شائع کی ہیں۔ ان تین کتب کا اضافہ میری ذاتی لائبریری میں عرصہ تین سال قبل بذریعہ ہدیہ، بدست جناب ڈاکٹر پروفیسر رشید احمد صدیقی ہوا تھا۔ مطالعہ تو اسی وقت کیا تھا مگر تبصرہ کرنے میں تاخیر ہوتی رہی۔ ان کتب کے مصنف جناب شیخ محمد اکرام معروف مورخ اور محقق ہیں۔ تینوں کتب میں شیخ صاحب نے اپنا تعارف نہیں لکھا۔ اس لیے ان کی شخصیت کے بارے تشنگی رہے گی۔ یہ کتب برعظیم کے مسلمانوں کی مذہبی، علمی اور سیاسی تاریخ سے مزین ہے۔ کتاب آب کوثر میں اسلام کی برعظیم میں آمد اور فتح سندھ، یعنی محمد بن قاسم ثقفی سے لے کر خاندان لودھی تک عہد ہے۔ یہ دور ۷۱۱ء سے لے کر ۱۵۲۶ء تک آٹھ سو سال تک کے عرصے تک پھیلا ہوا ہے۔ اس دور میں پہلے محمد بن قاسم ثقفی نے کراچی سے ملتان تک کا علاقہ فتح کیا۔ گو کہ حضرت عمر اور حضرت عثمان کے دور میں اس علاقہ پر مسلمان فوجوں کی طرف سے حملے ہوئے تھے۔ مگر مکمل جنگ اور فتح محمد بن قاسم ثقفی نے کی۔ اس علاقے کے عوام ہندو راجوں کے طرز حکومت سے تنگ تھے۔

عام رعایا ہندو مذہب کے رسم ورواج سے بھی پریشان تھے۔ اسلام کی آمد کے بعد اس سیدھے سادھے مذہب اسلام، میں لوگوں جوق در جوق شریک ہوئے اور اسلام قبول کیا۔ محمد بن قاسم ثقفی کو نجات دہندہ تصور کیا۔ عرب سے آئے ہوئے محمد بن قاسم ثقفی کے بعد اس دور میں افغانستان سے آئے ہوئے سبکتگین محمود غزنوی، غوری، خاندان غلاماں، بلبن خلجی، تغلق تیمور اور لودھی خاندانوں نے برصغیر میں سیاسی کامیابیاں حاصل کر کے برعظیم میں اسلامی سلطنت کو وسعت دی۔ سبکتگین نے راجہ جے پال کو شکست فاش دی تھی۔ اس دور میں بزرگان دین برعظیم کے کفرستان میں دین کی اشاعت کے لیے تشریف لائے۔ جن میں داتا گنج بخش لاہوری، امام حسن لاہوری، خواجہ معین الدین اجمیری، خواجہ قطب الدین بختیار کاکی، بابا فرید گنج بخش، خواجہ نظام الدین اولیا اور شیخ جمال وغیرہ نے عام ہندو عوام میں اسلام کے پرامن، شانتی اور ذات پات سے پاک انسانی برابری کے اصولوں والے دین کی روح پھونک کر کروڑوں ہندوؤں کو دائرہ اسلام میں داخل کیا۔ ایک ایک بزرگ کی دینی خدمات کی تفصیل کا یہاں موقعہ نہیں۔

مصنف نے کتاب رود کوثر کتاب میں برعظیم کے مسلمانوں کی مذہبی ثقافتی، علمی، تاریخ اور ان کے کارناموں پر مفصل تفصیل لکھی ہے۔ گذشتہ آٹھ سو سالہ مسلم حکمرانی کے بعد مغلوں کا دور شروع ہوتا ہے۔ ظہیر الدین بابر نے کابل سے نکل کر ہندوستان کا رخ کیا۔ ابراہیم لودھی اقتدار چھین کر مغلیہ سلطنت کی داغ بیل ڈالی۔ اس کتاب میں عہد مغلیہ سے لے کر سرزمین برعظیم پر انگریزوں کے قابض ہونے تک کے واقعات ہیں۔ عہد مغلیہ میں بھی علما، مشائخ اور صوفیہ نے جو اسلام کے لیے خدمات پیش کی وہ اس حصہ میں لکھی ہوئی ہیں۔ ان سے جو نتائج برآمد ہوئے ان کی بھی تفصیل ہے۔ مغل دور میں وفاقی قلعے اور باغات تعمیر ہوئے۔ شیر شاہ سوری اور اس کے خاندان کا بھی ذکر ہے۔ شیر شاہ سوری نے قلیل دور حکومت میں وفاقی قلعے اور بہترین انتظام کے تحت بنگال سے پشاور تک شاہرہ شیر شاہ سوری تعمیر کرائی۔ مسلمان اور ہندو مسافروں کے لیے علیحدہ علیحدہ سرائیں بنائیں۔ پھل دار درخت، پانی کی بولیاں (کنویں) اور ڈاک کا بہترین انتظام قائم کیا۔ بعد میں انگریز دور میں یہ سڑک گرانڈ ٹرنک روڈ مشہور ہوئی۔ مصنف نے انگریزوں کے برعظیم پر قبضہ کا ذکر ہے۔ مسلمانوں کے مختلف مکتبہ فکر کے سلسلے جن میں روشنیہ، قادریہ، چشتیہ، صابری کی دین کے لیے خدمات کا ذکر کیا ہے۔ اس دور میں جب مغل حکمران ہندوؤں کے دین کے طرف زیادہ مائل ہونے لگے تو حضرت مجدد الف ثانی، شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور افغان مشائخ نے روک لگائی۔ بادشاہوں کو دین اسلام پر چلنے کے لیے مائل کیا۔

تیسری کتاب موج کوثر میں مسلمانوں کی مذہبی اور علمی تاریخ کا دور جدید انیسویں صدی کے آغاز سے زمانہ حال تک، یعنی قیام پاکستان تک کا ذکر ہے سیاسی لحاظ سے ۱۸۰۰ء تا ۱۹۴۷ء کا یہ زمانہ حکومت کا دور تھا۔ اس دور میں حضرت سید احمد شہید بریلوی اور ان کے رفقا مولانا اسمٰعیل شہید کا ذکر ہے۔ سر سید احمد اور ان کی برپا کردہ علی گڑھ تحریک، مولانا الطاف حسین حالی، اکبر الہ آبادی، شبلی، مولانا آزاد، دیوبند، ندوۃ العلماء اور اقبال کے کارنامے بیان کیے ہیں۔ نہ جانے کس وجہ سے وہ تبلیغی جماعت کا ذکر نہیں کر سکے۔ اسی طرح مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، اس کی قائم کردہ جماعت اسلامی اور اس کی خدمات جو دنیا تک پھیل چکی ہے کا بھی ذکر نہیں کیا۔ (جاری ہے)

بات کرنے کے آداب۔ (آخری قسط)

کی ذمہ داری ہے کہ چھوٹی بہن کو خوبصورت انداز میں سمجھائے کہ وہ خاموش رہے خاندان کے خوش گوار ماحول کو مزید خلیج نہ کریں۔

فیض محمد حسنی!

کسی بھی خاندان کے ارکان کا تعلق بڑی حد تک اس بات پر منحصر ہے کہ وہ ایک دوسرے سے کس طرح بات کرتے ہیں۔ یہی چیز خاندان میں خوشی کی بنیاد ہے۔ اسی طرح کسی بھی مذاکرات میں کامیابی کا انحصار مثبت انداز اختیار کرنے پر ہیں۔

کسی بھی نوکری کی انٹرویو کے لئے آفیسرز امیدواروں سے ان کے انداز بیان اور الفاظوں سے امیدواروں کی اہلیت کا اندازہ کرتے ہیں۔

کسی بھی شخص کے منہ سے نکلنے والے الفاظ اور جملے اس کی شخصیت اور اہلیت کا آئینہ دار ہے۔ اگر اس شخص نے مثبت الفاظ اور جملے استعمال کیئے ہیں تو اس کو مثبت سمجھا جائیگا۔

بظاہر انسانی جسم میں زبان سب سے زیادہ استعمال ہونے والا عضو ہے۔ اس انسانی عضو کو دوسرے انسانوں کے دل ودماغ کو فتح کرنے کی طاقت ہے۔ یہ معاشرہ میں امن وسکون اور انسان کے لئے عزت و وقار لاسکتی ہے۔ دوسری طرف یہ دوسروں کے لیے تکلیف دہ بھی ہوسکتی ہے۔ یہ پر امن ماحول کو خراب کرتی ہے مزید معاشرے میں دشمنی پیدا کرتی ہے۔

اس لئے تمام مذاہب میں خاص طور پر اسلام میں تنبیہ کی گئی ہے کہ انسان اپنی زبان کا استعمال احتیاط سے کریں۔ زبان اس دنیا اور آخرت میں کامیابی کا اہم ذریعہ ہے جو شخص اپنی زبان کی حفاظت کرتا ہے اپنے آپ کو مشکلات سے بچاتا ہے۔

اگر ہم تھوڑی دیر کے لئے غور کریں اللہ پاک نے انسان کے بہت سے اعضاء جوڑ پیدا کیئے ہیں۔ مثلاً دو ہاتھ، دو کان، دو آنکھیں اور دو ناکیں وغیرہ۔ مگر زبان اکیلی پیدا فرمایا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ انسان سنے زیادہ اور بات کم کریں اور بات کرنے میں احتیاط کریں غیر ضروری باتوں سے گریز کریں۔ زبان کو یہ طاقت حاصل ہے کہ انسان کو ابدی بنا دیتی ہے۔ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ مرنے کے بعد لوگ اسے یاد کریں وہ اپنے الفاظوں کا استعمال اس طرح کریں کہ دوسروں کے دل ودماغ تسخیر ہو، اس لئے بولنے سے پہلے بہترین الفاظوں کا چناؤ کریں۔

بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں بات کرنے کی شائستگی کی کمی ہے۔ ہمیں اکثر بازار، روڈ حتیٰ کہ ٹی وی چینلز کے ٹاک شوز میں گرما گرم بحث مباحثہ کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ یہ ہمارے مجموعی معاشرہ کی سوچ کا عکاس ہے۔ اس طرح کا انداز بیان لوگوں کی صحت کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ لوگ ڈپریشن اور دوسرے امراض میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔ ہمیں اپنی زبان کو انتہائی احتیاط سے استعمال کرنی چاہیے۔ لوگوں کے ترش اور سخت مزاج کو تبدیل کرنے کے لئے ہمیں اسلام کی ہدایات کی روشنی میں بے حد کوشش کرنی چاہیے۔

عوامی لیڈر

آخر کار خدا خدا کر کے چودہ دن کے طویل صبر آزما تکلیف دہ دور سے گزرنے کے بعد ہزارہ کے متاثرین نے اپنے شہدا کی تدفین کر دی' جنوری

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

کی شدید سردی درجہ حرارت منفی ڈگری سے نیچے متاثرین کے لواحقین جس طرح دن رات کوئٹہ میں اپنے پیارہ کی میتیں لے کر بیٹھے تھے ان کے غم میں ڈوبے چہرے جیسے زندہ لاشیں بیٹھی ہوں' جس نے بھی اُن حسرت و یاس غم میں ڈوبے چہرے پچیاں عورتیں بوڑھے بچے دیکھے اُس کا دل جگر کٹ کر رہ گیا ساتھ ہی ہزارہ برادری پر پچھلے دو عشروں سے جو بار بار کربلا مچائی جاتی ہے وہ زخم پھر سے ہرے ہو گئے انسانیت کے دشمنوں نے جس طرح پچھلے دو عشروں سے بے بس مجبور غریبوں پر ظلم بربریت سفاکیت کے پہاڑ توڑے ہیں سنگ دل سے بھی سنگ دل انسان پگھل کر رو گیا کہ پاکستان اسلام کے نام سے دنیا کے نقشے پر ستائیسویں کی رات معرض وجود میں آیا اُس پاک دھرتی میں کس طرح بے دردی سے نہتے مزدوروں کے ہاتھ پاؤں باندھ کر آنکھوں پر پٹی باندھ کر اُن کو وحشت درندگی سے ذبح کر دیا گیا۔

ان شہدا میں چھ بہنوں کا اکلوتا میٹرک پاس بھائی بھی تھا جو زندگی کی گاڑی کو چلانے کے لیے مزدوری کرنے گیا ہوا تھا اُس کی شہادت اور بہنوں کا دکھ درد بے چارگی پورا پاکستان لرز کر رہ گیا جس نے بھی یہ منظر دیکھا اُس کے اندر کربلا برپا ہو گیا کہ اسلام کے نام پر بننے والا ملک جس کے عوام یہ خواب دیکھتے ہیں کہ ایک دن پاکستان میں اقوام عالم کے فیصلے ہونگے اور مسلمان ممالک کی واحد ایٹمی طاقت پاکستان اُس میں اس طرح کی درندگی دہشت کہ درندوں کو بھی شرم آجائے ظلم کی انتہا یہ کہ یہ واقع پہلی بار نہیں ہوا بلکہ بیس سال پہلے سے ہزارہ برادری پر وقفے وقفے سے ظلم دہشت کا پہاڑ توڑا جارہا ہے بغیر کسی وجہ کے ان معصوموں سے زندگی چھین لی جاتی ہے جب بھی ان بیچاروں کی لاشیں کھلے آسمان کے نیچے رکھ کر مدد مدد پکارتے ہیں ہر بار چند حکومتی لوگ جا کر جھوٹے دلاسے دے کر آجاتے ہیں یہ بے بس مظلوم حکومتی وعدوں پر اعتبار کر لیتے ہیں کہ آئندہ اس کی نسل کشی نہیں ہو گی ان کی حفاظت کا موثر انتظام کیا جائے گا۔

دہشت گردوں کا قلع قمع کر دیا جائے گا لیکن چند دن بعد پھر ہزارہ برادری کے لیے زمین مقتل گاہ بنادہ جاتی ہے اور پھر پہلے سے زیادہ درندگی اور سفاکیت سے بیچاروں کو شہدا کر دیا جاتا ہے بار بار ہزارہ برادری کی نسل کشی کے بعد اور ہر بار حکومتی وعدوں کے باوجود جب اس بار پھر گیارہ معصوم انسانوں کو ذبح کر دیا گیا تو ہزارہ برادری کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا ماضی کی طرح پھر حکومتی وزرا وزیر اعظم صاحب کے درباری وزیر اعظم صاحب کی نظروں میں سرخرو ہونے کے لیے پھر وعدوں اور مالی مدد کا پلندہ لے کر مظلوم ترین لواحقین کے پاس گئے یہ اُن سے افسوس کرنے نہیں بلکہ ڈیل کرنے گئے تھے مسئلہ حل کرنے نہیں جناب وزیر اعظم صاحب کی نظروں میں سرخرو ہونے کے لیے کیونکہ ہزارہ برادری کے لوگ دو عشروں سے اپنے پیاروں کو ذبح ہوتے دیکھتے آئے ہیں بار بار حکومتی درباریوں کے وعدوں کو بھی دیکھتے آئے ہیں اس لیے ان بیچاروں نے ان درباریوں سے بات چیت نہیں کی اور گستاخی عظیم یہ کر دی کہ ہم آپ کی باتوں پر یقین نہیں کرتے اس بار وزیر اعظم صاحب آکر ہماری دل جوئی کریں گے ہماری نسل کشی کو روکنے کا ٹھوس پلان دیں گے تو ہم اپنے شہدا کی تدفین کریں گے۔

یہ درباریوں کے لیے گستاخی تھی کہ ہم آپ کے پاس چل کر آئے ہماری بات کیوں نہیں مانی جاتی کیونکہ اقتدار کی راہداریوں میں پھرنے والے یہ حشرات الارض اقتدار کے جھولوں پر بیٹھ کر خود کو اعلیٰ نسل کے انسان سمجھنا شروع کر دیتے ہیں اقتدار کا بخار ان کے سروں کو چڑھتا ہے تو گردنوں میں سریا آجاتا ہے اقتدار کے دستر خانوں کی بچی ہڈیاں چوسنے والے یہ موسمی بٹیرے بھول جاتے ہیں کہ یہ اقتدار کی ہوائیں سدا ان کی حمایت میں نہیں چلیں گی یہ کب مخالف سمت میں چلنا شروع کر دیں پتہ ہی نہیں چلتا خالق نے اگر اقتدار کی چند ساعتیں ان کو عطا کی ہیں تو یہ تو پانی کے بلبلے ہیں جو کسی بھی وقت بجھ سکتے ہیں لیکن اقتدار کے کوٹھے پر براجمان یہ درباری خود کو فرعون سمجھنا شروع کر دیتے ہیں کہ ہم خاص میٹیریل سے بنے ہیں ہم دوسروں پر حکمرانی کے لیے پیدا ہوئے ہیں جب ہزارہ کے مظلوموں نے ان رنگ برنگے درباریوں کی بات ماننے سے انکار کیا اور یہ گزارش کی کہ اس بار جب تک محترم وزیر اعظم صاحب نہیں آئیں گے اُس وقت تک ہم اپنے پیاروں کی تدفین نہیں کریں گے تو اقتدار کے جھولوں پر جھولتے درباریوں کی شان میں گستاخی ہوگئی۔

لہجوں میں فرعونیت اُتر آئی فرعونیت اور بات چیت کا شاہانہ انداز وطن عزیز کے ٹی وی چینلز پر پوری دنیا دیکھ چکی ہے کہ غم میں غرق متاثرین کے ساتھ ان درباریوں نے کن لہجوں میں کس طرح بات کی' انا تکبر کے گھوڑوں پر سوار ان درباریوں کے انداز گفتگو نے پورے پاکستان کو سراپا احتجاج بنا دیا پھر ہزارہ کے متاثرین کے غم میں شریک ہونے کے لیے پورا پاکستان دھرنے میں تبدیل ہو گیا ایک ایک شہر میں کئی کئی جگہوں پر لوگ سراپا احتجاج بن گئے اقتدار کے نشے میں دھت درباریوں نے جواب دے دیا پھر اہل وطن پر اُس وقت تو حالت مرگ طاری ہو گئی جب ان درباریوں کے اکسانے پر جناب وزیر اعظم صاحب نے بھی ماضی کی طرح بلا سوچے سمجھے ہزارہ کے متاثرین کو بلیک میلر کہہ دیا کہ وہ مجھے بلیک میل کر رہے ہیں جناب وزیر اعظم کے منہ سے نکلے یہ الفاظ جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئے پورا ملک سنگ اٹھا یہاں تک کہ پاکستان کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک احتجاجی دھرنوں کی فصل اگ آئی یہاں تک کہ چودہ دنوں میں یہ پورا ملک مفلوج ہو کر رہ گیا۔

وزیر اعظم صاحب کے بہت چاہنے والے بھی پسپائی پر مجبور ہو گئے کہ بلیک میلر کے الفاظ کا دفاع کیسے کریں پورا پاکستان پہلے ہی احتجاج کی چتا میں بھڑک رہا تھا ان الفاظ نے تو جلتی پر تیل کا کام کیا محلہ محلہ شہر شہر احتجاجی دھرنوں کا سیلاب آگیا ان حالات میں بھی وزیر اعظم صاحب ماضی کی طرح اپنے الفاظ پر ڈٹے ایسے جن سے حالات مزید خراب ہوتے گئے یہاں تک کہ مقتدر حلقوں کی طرف سے وزیر اعظم صاحب کو ہزارہ برادری کے پاس جانے اور دل جوئی کا مشورہ دیا جو آخر کار وزیر اعظم صاحب نے مان لیا اس طرح پورا ملک جو احتجاجی آگ میں جھلس رہا تھا پورا ملک مفلوج ہو کر رہ گیا وزیر اعظم صاحب کا ایک بار پھر قول وفعل میں شدید واضح تضاد نظر آیا کہ جو ساری زندگی یورپ کی مثالیں دیتے رہے یہ بھول گئے کہ جب نیوزی لینڈ میں مسلمانوں پر دہشت گردی ہوئی تو انگریز خاتون وزیر اعظم نے کس طرح عقل و دانائی محبت وشفقت سے مسلمان متاثرین کے پاس جا کر شلوار قمیض پہن کر دل جوئی کی اس طرح ٹان مسلم خاتون وزیر اعظم نے پوری دنیا کا دل جیت لیا وزیر اعظم صاحب بلیک میلر کے الفاظ استعمال کرتے وقت یہ بھول گئے کہ متاثرین کے پاس جانے سے اُن کا قد بڑھ جاتا تھا لیکن افسوس وزیر اعظم صاحب نے عوامی لیڈر بننے کا موقع کھو دیا اب بلیک میلر کے الفاظ ساری زندگی وزیر اعظم صاحب کا پیچھا کریں گے اور ان کے پاس جواب کے الفاظ نہیں ہوں گے۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

جذبوں اور احساسات کا شاعر: خالد عنبر بیزار

احاطہ تجھ سے ہے ممکن کہاں مرے غم کا
زمین درد کا میں آسمان ٹھہرا ہوں

پروفیسر اظہر محمود جنجوعہ

"زندگی کی یہ کتاب تو ایک بار ملتی ہے، اس کے ہر صفحے پر بھی خوشیاں کون لکھ سکتا ہے۔" متذکرہ شعر اور دیباچہ میں حسرت کے کرب سے معمور پہلی ہی سطر ضلع اٹک کے جواں سال مگر ہونہار، مفلوک الحال اور معذور شاعر خالد بیزار کی ہے۔ اُس کے واحد شعری مجموعہ "چاندنی سے دیا جلاتے ہیں" کی شاعری اسی المیے، ناآسودگی اور درد وکرب کی غماز ہے جو خالد بیزار کی پوری زندگی کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ مجموعہ کے دیباچہ میں خالد بیزار اپنے نظریۂ شعر کی بابت خود رقم طراز ہیں:

"شعر میری فطری اظہار کی اساس ہے۔ میں نے زخموں پر سیاست کرنے والی رسموں سے بغاوت کا یہ فن اپنے اسلاف سے پُرنور عقیدت کے صلے میں حاصل کیا ہے۔ یہی نہیں، میں نے جبری آندھی کے مقابل مزاحمت کے چراغوں کو جلا دینے کی روایت کو معتبر کیا ہے۔ میں نے ہمیشہ گھر بچانے کی تگ ودو تو کی ہے مگر اپنا کوئی خواب بچانے کی کوشش نہیں کی ہے۔" (مشمولہ دیباچہ، ص ۸،۹)

۲۰۱۹ء میں ادارہ ہمالیات پبلی کیشنز اٹک کے زیر اہتمام پہلی بار چھپنے والا یہ شعری مجموعہ ((چاندنی سے دیا جلاتے ہیں) ایک ایک حمد، نعت، سلام، تین آزاد نظموں اور انتالیس (۳۹) غزلیات پر مشتمل ہے۔ جس کا انتساب "والدہ کے نام" ہے۔ دیباچہ خود شاعر خالد بیزار نے تحریر کیا ہے۔ مجموعہ کے مرتبین میں شہزاد حسین بھٹی کا مضمون بہ عنوان "ہم اسی شہر کے ستائے ہیں" اور اقبال زرقاش کے "عرض مرتب" کے علاوہ افسانہ نگار وشاعر ارشاد علی کا مضمون "رنگوں کی برسات" بھی شامل ہے۔ جبکہ فلیپ مشہور ماہر تعلیم اور اٹک کے نمائندہ شاعر مشتاق عاجز، شاعر پروفیسر نصرت بخاری اور شاعر طاہر اسیر

شال بقیہ 1

پاکستان کی کوششوں کا دنیا اعتراف کررہی ہے لیکن دشمن قوتیں ہمیں ناکام کرنے میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے خلاف ڈوزیئر میں جو حقائق ہیں وہ مختلف ممالک تک پہنچا دیے ہیں، بھارتی خفیہ ایجنسی را افغانستان میں دہشتگردی کی معاونت کررہی ہے۔ دریں اثناء پاک فوج کے ترجمان میجر جنرل بابر افتخار نے کہا ہے کہ گزشتہ 10 سال پاکستان کے لیے ہر لحاظ سے بہت چیلنجنگ رہے۔ میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے ترجمان پاک فوج نے کہا کہ گزشتہ 10 سال پاکستان کے لیے ہر لحاظ سے بہت چیلنجنگ رہے، اگر 2020 کی بات کی جائے تو اس سال سیکیورٹی چیلنجز کے علاوہ لوکسٹ (ٹڈی کے حملے) اور کووڈ جیسی عالمی وبا نے بھی پاکستان کی معیشت اور فوڈ سیکیورٹی کو خطرے میں ڈالے رکھا۔ انہوں نے بتایا کہ پچھلی دہائی میں ایک طرف مشرقی سرحد اور لائن آف کنٹرول پر ہندوستان کی شرانگیزیاں جاری تھیں تو دوسری جانب مغربی سرحد پر کالعدم دہشتگرد تنظیموں، ان کے جوڑ توڑ اور پشت پناہی کے ذریعے پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کیا جارہا تھا۔

شال بقیہ 2

دفعہ ملا تھا لیکن انہوں نے ظاہر نہیں کیا کہ وزیراعظم کے علاوہ ان مسائل کو کسی اور سے حل نہیں کرائیں گے ثبات کو دیکھا جائے تو 90 فیصد معاملات صوبائی حکومت کے ماتحت ہے جس کو لواحقین تسلیم بھی کررہے تھے، میں نے جب ان سے کہا کہ آپ کیوں چاہتے ہیں کہ وزیراعظم آجائیں تو انہوں نے کہا کہ اتنا بڑا واقعہ ہوا ہے وزیراعظم کو آنا چاہیے، ماضی میں جب بھی کوئی واقعہ ہوا ہے تو وفاقی حکومت کی طرف سے نمائندگی آئی ہے اور انہوں نے وعدے کیے اور یقین دہانی کرائی ہے ہمارا اختلاف وزیراعظم صاحب پر ہے اگر ہمارا اختلاف نہ ہوتا تو شاید یہ پرامن احتجاج نہ ہوتا اور ہم وزیراعظم سے بھی نہ ملتے، انہوں نے کہا کہ جب بھی ایسا کوئی واقعہ ہوتا ہے تو اس وقت غم اور غصے کی شدت بہت زیادہ ہوتی ہے حکومت بلوچستان کے اندر ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی ہے جن کے دو ایم پی ایز ہمارے ساتھ ہے تمام تر صورتحال میں اسٹیج پر موجود لوگ مجلس وحدت المسلمین کے تھے دونوں جماعتیں الیکشن میں حصہ لیتے ہیں تو اس میں پہلا سٹیپ کہ حکومت نے کچھ نہیں کیا اور وہ برطرف ہوجائیں، جب ہم نے ملاقات کی تو انہوں نے کوئی پریشر نہیں ڈالا، پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ ہوا ہے کہ تحریری طور پر کوئی معاہدہ ہوا ہے۔

شال بقیہ 3

لائیو اسٹاک ڈاکٹر بہاءالحق مندوخیل، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر نصیب اللہ کاکڑ، ڈاکٹر کریم، ڈاکٹر فرحان بھی موجود تھے تین روزی فری ویٹرنری میڈیکل کیمپ میں سینکڑوں جانوروں کی ویکسینیشن کی گئی اور مالداروں میں مفت ادویات بھی تقسیم کی گئی ہیں۔ صوبائی وزیر حاجی مضافخان کاکڑ نے کہا کہ ضلع ژوب کے دور دراز علاقوں میں آئندہ بھی فری ویٹرنری کیمپ کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ مالداروں کی مشکلات میں کمی واقع ہوجائے اور لائیو اسٹاک کو فروغ ملے گا انہوں نے کہا کہ میرا نظریہ عوامی خدمت ہے اپنے دور اقتدار کے پانچ سالوں میں آپنا کارکردگی دیکھا ہوگا آور عوام بہتر طور محسوس بھی کریں گے کیونکہ میرا کوئی لالچ نہیں کہ عوام ہمیں ووٹ دیں بلکہ ژوب کے عوام نے مجھ جو اعتماد کیا ہے اس پر پورا اترنے کی کوشش اور اسمبلی فلور پر گرونگا وزارت ہمارے لئے کوئی معنی نہیں عوام کی خدمت عزیز ہے محکمہ لائیو اسٹاک صوبہ بھر میں ترقی کی جانب گامزن یورپی ہے جس میں لائیو اسٹاک کے افسران بھی داد کے مستحق ہیں۔

شال بقیہ 4

کے بارے میں پیش کی گئی رپورٹ آئندہ لائحہ عمل اور مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ بلوچستان غصے کا وارزون ہے دہشت گرد ایک منصوبہ بندی کے تحت صوبے میں امن و امان کی صورتحال خراب کرنے کے لئے کارروائیاں کررہے ہیں دہشت گرد ہمیں فرقہ واریت اور لسانی بنیادوں پر تقسیم کرنا چاہتے ہیں لیکن بہادر سیکورٹی فورسز اور بلوچستان کے غیور عوام نے پہلے بھی دہشتگردوں کی ہر کوشش کو ناکام بنایا اور آئندہ بھی ہم باہمی اتفاق سے ملک اور صوبے کے خلاف تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے میر ضیاء لانگو نے کہا کہ جہاں کہیں بھی دہشت گرد موجود ہونگے ان کے خلاف بھرپور کارروائی ہوگی دہشتگردی کے واقعات کی روک تھام اور ان میں ملوث عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف ہر حد تک جائیں گے۔

شال بقیہ 5

چمڑا اعلیٰ معیار اور وافر مقدار میں تیار کیا جاتا ہے، مگر کروڑا اور دیگر وجوہات کی بنا پر یہ صنعت اپنے اہداف پورے کرنے میں مشکلات کا شکار ہے۔ وزیراعظم نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ لیدر کی صنعت کو اپنی پوری صلاحیت پر چلانے کیلئے حکومت ہر ممکن تعاون کیلئے تیار ہے، حکومت کی مثبت معاشی و کاروبار دوست پالیسیوں کی بدولت صنعت کا پہیہ پہلے سے تیز چل رہا ہے جس کی بڑی نشانی بہتر معاشی اشاریے ہیں۔ مزید وزیراعظم نے کہا کہ ایسی صنعتیں جو ملک میں ویلیو ایڈڈ برآمدات کا ذریعہ ہیں انکو فروغ دینے کیلئے حکومت ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے۔

شال بقیہ 6

دے دی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جاری اور نئے ترقیاتی منصوبوں کیلئے اب تک محکمہ خزانہ نے تعمیر کے لیے اعلیٰ روڈ پر زمین تجویز کی گئی ہے جبکہ سول سیکرٹریٹ میں سرکاری محکموں اور ڈائریکٹریٹس کے لیے نئی سمارٹ بلڈنگ کی تعمیر کے پی سی ون کا محکمہ پی پی اینڈ ایچ سے آنا ابھی باقی ہے۔ اجلاس کو ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات عبدالصبور کاکڑ نے صوبائی پی ایس ڈی پی انسٹرٹی 2021-22 سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے آگاہ کیا کہ آئندہ مالی سال کی پی ایس ڈی پی کی تیاری کیلئے باقاعدہ ٹائم لائن مرتب کیا گیا ہے جس کے تحت تمام انتظامی محکمے کانسپٹ پیپرز جنوری 2021 کے وسط میں جمع کرانے کے پابند ہوں گے جبکہ کابینہ کلیئرنس کمیٹیز کانسپٹ پیپرز کی کلیئرنس 30 جنوری 2021 تک کریں گی اسی طرح یکم مارچ 2021 سے پی سی ون کی تیاری کا آغاز کردیا جائے گا محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات اور انتظامی محکموں کی جانب سے مارچ اور اپریل تک ترقیاتی منصوبوں کی پی ڈی ڈبلیو ڈی اور ڈی ایس سی سے ٹیکنیکل منظوری لی جائے گی۔

شال بقیہ 7

مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پاکستان میں دہشتگردوں کی پشت پناہی کررہا ہے وہ افغان امن عمل میں ایک سپائیلر (Spoiler) کا کردار ادا کررہا ہے وہ نہیں چاہتا کہ افغانستان میں امن و استحکام ہو۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر سفارتی محاذ پر بھارت کا مقابلہ کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت واویلا کررہا ہے کہ اسے سلامتی کونسل کے غیر مستقل ممبر ہونے کے ناطے بڑی کامیابی ملی ہے، اسے تین کمیٹیوں کی صدارت کا موقع ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھی سلامتی کونسل کا غیر مستقل ممبر رہا ہے اور اس حوالے سے پاکستان کو بھی اہم ذمہ داریاں ملیں۔ انہوں نے کہا کہ سلامتی کونسل میں تیس کے قریب کمیٹیاں اور ذیلی کمیٹیاں ہوتی ہیں اور غیر مستقل ممبر ہونے کے ناطے بھارت کو ذمہ داریاں ملنا کوئی اچنبھے کی بات نہیں لیکن دیکھنا یہ ہے کہ بھارت کی خواہش کیا تھی؟۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی خواہش تھی کہ اسے 1267 کی قدغن لگانے والی اہم کمیٹی کا ممبر بنا دیا جائے لیکن اسے ناکامی ہوئی، بھارت کی خواہش تھی کہ نیوکلیائی ہتھیاروں کی روک تھام کی کمیٹی کی صدارت اسے مل جائے جو اسے نہیں ملی۔

شال بقیہ 8

دیگر داخل مریضوں کا عیادت کی صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے دورے کے دوران ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے دی جانے والے طبی سہولتوں کے حوالے سے بھی مریضوں سے دریافت کی صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ سول ہسپتال کوئٹہ سمیت صوبائی دارالحکومت کے دیگر ہسپتالوں میں عوام کو صحت کی تمام تر مفت طبی سہولتوں کی فراہمی کیلئے حکومت بلوچستان وسائل میں رہتے ہوئے تمام وسائل کو بروئے کار لائے کے صوبائی وزیر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ تمام مریضوں کو دستیاب طبی سہولتیں فراہمی کو یقینی بنائے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت صحت کے حوالے سے سنجیدہ کوشش کررہی ہے محکمہ صحت کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان خود نگرانی کررہے ہیں۔

شال بقیہ 9

ساتھ ساتھ قابل سزا جرم ہے جس کی سزا 5 تا 14 سال قید بامشقت ہے حکام کے مطابق وزیراعظم عمران خان کی ہدایت کے مطابق بیرے سمگل شدہ پیٹرولیم مصنوعات کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کردیا گیا ہے جس کے تحت پاکستان کسٹمز، ایف سی، رینجرز، ضلعی انتظامیہ، صوبائی حکومتیں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مشترکہ آپریشن شروع کردیا کاروائی کے دوران سمگل شدہ پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں ملوث پیٹرول پمپس کے خلاف کاروائی اور برآمد شدہ مصنوعات، پیٹرول پمپ، ٹینکر سمیت اسمگلرز کی جائیدادوں کو بحق سرکار ضبط کرلیا جائیگا اس حوالے سے اخبارات میں اشتہارات بھی شائع کردیے گئے ہیں جن میں عوام کو اس کاروبار کو ترک کرنے کی صلاح کی گئی ہے۔ دوسری جانب بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں کریک ڈاؤن کے باعث تشویش کی لہر دوڑ پڑی ہے سیاسی، قبائلی رہنماؤں اور عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ پیٹرول مصنوعات کی ترسیل سے بلوچستان کے ہزاروں نوجوانوں کا روزگار وابستہ ہے جسکی بندش سے ہزاروں لوگ بے روزگار اور کئی گھرانے فاقہ کشی پر مجبور ہوجائیں گے انہوں نے کہا کہ حکومت اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرتے ہوئے اس کاروبار کو بند کرنے سے گریز کرے یا پھر نوجوانوں کو متبادل روزگار فراہم کرے۔

شال بقیہ 10

ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے۔ پیر کو وزیراعظم عمران خان سے پاکستان مخبرز ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی جس میں وفاقی وزیر حماد اظہر، مشیر عبدالرزاق داؤد، معاون خصوصی وقار مسعود اور چیئرمین پاکستان مخبرز ایسوسی ایشن انجم ظفر نے شرکت کی۔ ملاقات میں وزیراعظم کو پاکستانی لیدر کی دنیا بھر میں بڑھتی ہوئی طلب کے بارے میں آگاہ کیا گیا، پاکستانی لیدر اپنے اعلیٰ معیار اور کم لاگت کی بدولت اس وقت دنیا بھر میں مقبول ہے، بتایا گیا کہ پاکستانی لیدر پر 300 فی صد ٹیکس ویلیو ایڈیشن کے بعد اسے دنیا کے مقبول برانڈز کو برآمد کرکے اربوں ڈالرز زرمبادلہ کمانے کی صلاحیت موجود ہے، پاکستان میں بھیڑ، بکری، گائے اور بھینس کا چمڑا اعلیٰ معیار اور وافر مقدار میں تیار کیا جاتا ہے، مگر کروڑا اور دیگر وجوہات کی بنا پر یہ صنعت اپنے اہداف پورے کرنے میں مشکلات کا شکار ہے۔ وزیراعظم نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ لیدر کی صنعت کو اپنی پوری صلاحیت پر چلانے کیلئے حکومت ہر ممکن تعاون کیلئے تیار ہے، حکومت کی مثبت معاشی و کاروبار دوست پالیسیوں کی بدولت صنعت کا پہیہ پہلے سے تیز چل رہا ہے جس کی بڑی نشانی بہتر معاشی اشاریے ہیں۔ مزید وزیراعظم نے کہا کہ ایسی صنعتیں جو ملک میں ویلیو ایڈڈ برآمدات کا ذریعہ ہیں انکو فروغ دینے کیلئے حکومت ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے۔

شال بقیہ 11

فراہم کرنے کیلئے اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کاروباری طبقے کے مسائل سے آگاہ اور کاروبار دوست ماحول فراہم کرنے کے لئے اقدامات کررہی ہے، کورونا کے باوجود پاکستانی معیشت بحالی کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات میں اضافہ اور ترسیلات زر میں 9.24 فیصد اضافہ ملکی معیشت کے لئے مثبت علامت ہیں، حکومت نے کورونا کے دوران کاروباری طبقے اور کمزور طبقات کیلئے 2.1 کھرب کا معاشی پیکج فراہم کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے کورونا کے دوران معیشت کو وبا کے منفی اثرات سے بچانے کیلئے کھلا رکھا، کاروباری وفد نے حکومتی کاروبار دوست پالیسیوں اور کورونا کے دوران ریلیف پیکج کی تعریف کی۔

شال بقیہ 12

آرڈیننس لائے، بلوچستان میں بدامنی کے پیچھے بھارت ہے، بھارت بلوچستان کو الگ کرنا چاہا رہا ہے، بھارت کے راستے میں غیور بلوچ رکاوٹ ہیں۔ پیر کو سینیٹ میں آرڈیننس کے ذریعے حکومت چلانے کی کوششوں سندھ بلوچستان کے جزائر، مہنگائی اور معاشی ابتری کے حوالے سے تحریک پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر میر کبیر شاہی نے کہا کہ ایوان صدر کو آرڈیننس کی فیکٹری بنادی ہے حکومت نے مختلف اوقات میں چالیس آرڈیننس جاری کیے گئے ہیں ملکی مفاد میں ایک بھی آرڈیننس جاری نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اور بلوچستان کے جزائر پر وفاق کی جانب سے صوبوں کے وسائل پر ڈاکہ ڈالا گیا۔ سینیٹ میں آرڈیننس کے ذریعے حکومت چلانے کی کوششوں سندھ بلوچستان کے جزائر، مہنگائی اور معاشی ابتری کے حوالے سے تحریک پر بحث مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عبدالقیوم نے کہا کہ آئین کے تحت آرڈیننس حکومت کا اختیار ہے معاملات پارلیمنٹ میں آنے چاہیے۔

شال بقیہ 13

جمالی، میر اسد خان جمالی، اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد عبدالناصر کاکڑ کے ہمراہ سالانہ میلے باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر کھی نانک سنگھ، سینیٹر ماندھم داس، سندیپ گرنزنی، سینیٹر شنو مل راجہ مابراج، الداج رام و دیگر موجود تھے۔ اس موقع پر میر جان محمد خان جمالی نے کہا کہ پاکستان میں ہمارے اقلیتی برادریوں کو اپنے مذہبی رسمات ادا کرنے کی کھلی آزادی ہے بری کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ساتھ ہم جمالی خاندان کی جانب سے اقلیتی کو اپنے ذاتی محافظ فراہم کرتے ہیں تاکہ وہ اپنے رسمات ادا کرسکیں۔ میر جان محمد خان جمالی نے کہا کہ میں نے اپنے حلقہ انتخاب میں مواصلاتی نظام کو بہتر بنانے کیلئے مختلف شاہراہوں پر کام تیزی سے جاری ہے تاکہ عوام کو سفر کرنے میں آسانی ہو۔ بلوچستان عوامی پارٹی کی حکومت عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کام کررہی ہے ہمارا مقصد عوامی مسائل کو حل کرنا ہے۔ اوستہ محمد میں سیوریج سسٹم کی بہالی کیلئے جامع پلان بنا رہے ہیں تاکہ اس کا مستقبل حل نکل سکے۔ بلوچستان عوامی پارٹی اپنے منشور پر عمل پیرا ہے۔ عوام سے الیکشن میں کیئے گئے وعدے پورے کیئے جا رہے ہیں۔ بی اے پی پارٹی عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ عوام کی خدمت ان کی اولین ترجیح میں شامل ہے۔ انہوں نے مذید کہا کہ شہر میں کروڑوں روپوں کی فنڈز سے ترقیاتی کام جاری ہے۔ جن کی تکمیل سے شہریوں کو سہولیات میسر ہوگی۔

شال بقیہ 14

سے کم پاور مہیا کرتا ہے اس پر بوجھ بھی زیادہ ہے اور پرانا بھی جس کی وجہ سے گھریلو چیزیں جل رہے ہیں اور نقصان ہورہا ہے اس حوالے سے شکایت گزار نے 200 کے وی کے ٹرانسفارمر کا مطالبہ کیا اور یہ کیسکو کا فرض بھی تھا کہ محفوظ موثر بجلی فراہم کرے لیکن کیسکو کی طرف سے کوئی جواب نہیں آیا بالآخر انہوں نے اپنی درخواست وفاقی محتسب کو دی کہ وہ کیسکو کے ایڈمنسٹریشن کے خلاف ایکشن لے وفاقی محتسب نے بروقت نوٹس لیا اور وہاں کا ٹرانسفارمر جو 100 کے وی تھا تبدیل کرکے 200 کے وی کردیا گیا۔

شال بقیہ 15

مجموعی طور پر جائزہ لیکر ہی فیصلہ کریں جبکہ جمعیت علمائے اسلام (ف) نے صدارتی ریفرنس کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صدارتی ریفرنس ناقابل سماعت ہے، ریفرنس پارلیمنٹ کو بے توقیر کرنے کے مترادف ہے۔ پیر کو سپریم کورٹ کے چیف جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں 5 رکنی لارجر بینچ نے سینیٹ انتخابات اوپن بیلٹ کے ذریعے کرانے سے متعلق صدارتی ریفرنس پر سماعت کی۔ 5 رکنی بینچ میں چیف جسٹس گلزار احمد کے ساتھ جسٹس مشیر عالم، جسٹس عمر عطا بندیال، جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس یحییٰ آفریدی بھی شامل تھے۔ سماعت کے دوران اٹارنی جنرل برائے پاکستان خالد جاوید خان، ایڈووکیٹ جنرلز و دیگر لوگ پیش ہوئے۔ یاد رہے کہ 4 جنوری کو سپریم کورٹ نے سینیٹ انتخابات کرانے سے متعلق صدارتی ریفرنس کے معاملے پر پہلی سماعت کے بعد چیئرمین سینیٹ، الیکشن کمیشن قومی و صوبائی اسمبلیز، الیکشن کمیشن، وفاقی و صوبائی ایڈووکیٹ جنرلز کو نوٹس جاری کیے تھے۔ عدالت نے اٹارنی جنرل برائے پاکستان اور دیگر ایڈووکیٹ جنرلز کو اپنی تحریری معروضات جمع کرانے کا حکم دیتے ہوئے کہا تھا کہ نوٹس اخبارات میں بھی شائع کیا جائے تاکہ جو اس معاملے پر رائے دینا چاہے وہ دو ہفتوں میں تحریری معروضات عدالت میں جمع کرائے۔

شال بقیہ 16

گے۔ انہوں نے بتایا کہ اسامہ ستی قتل کیس کی تحقیقاتی رپورٹ آجائے گی، ملوث اہلکاروں کو موت کے منہ میں دھکیل دیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں شیخ رشید نے کہا کہ اداروں میں وسائل کی کمی ہے، انشاء اللہ سب ٹھیک ہوجائے گا، پاکستان ڈیفالٹ ہونے جارہا تھا اللہ نے رحم کیا ہم بچ گئے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ مریم نواز کی حکمت عملی پٹ گئی ہے، یہ کہتے تھے سینیٹ الیکشن میں حصہ نہیں لیں گے، پیپلز پارٹی نے اپنا بیانیہ منوالیا ہے، پیپلز پارٹی کبھی اپنی سندھ حکومت ختم نہیں کرے گی۔ شیخ رشید نے کہا کہ پی ڈی ایم سینیٹ الیکشن کے بعد ایک مارچ کرے گی، یہ لوگ خود کو زندہ رکھنے کیلئے ایک مارچ کریں گے، پی ڈی ایم کے لوگ اسلام آباد کا رخ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان حکومت چھوڑ سکتے ہیں لیکن اپوزیشن کو این آر او نہیں دیں گے، حکومت کہیں نہیں جارہی الیکشن وقت پر ہی ہوں گے۔ شیخ رشید نے کہا کہ مولانا کی پارٹی سے 'ش' تو بن گئی ہے، ن لیگ میں بھی 'ش' لیگ بن جائے گی، جو نیب کے ریڈار پر ہیں وہ اتنے فٹ ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ ن لیگ اور پیپلز پارٹی ایک دوسرے کے خلاف ہی الیکشن لڑے گی، ان دونوں جماعتوں میں مولانا گھسنا چاہتے ہیں، ن لیگ کا ووٹ ہی اینٹی پیپلز پارٹی ہے، پنجاب میں پیپلز پارٹی کا ووٹ نہیں، پنجاب میں پی ٹی آئی اور ن لیگ کا مقابلہ ہوگا جبکہ سندھ میں پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی میں کا مقابلہ ہوگا۔

شال بقیہ 17

راولپنڈی کینٹن (ر) محمد محمود نے رنگ روڈ اور سمال ڈیمز پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ رنگ روڈ قومی اہمیت کا منصوبہ ہے، اس کی تکمیل ترجیح ہے، رنگ روڈ پر ہر دور میں بات ہوئی مگر تحریک انصاف کی حکومت اس پر عملی کام کررہی ہے۔ وزیر ہوابازی غلام سرور خان نے کہا کہ رنگ روڈ منصوبہ کے متعلق تمام تفصیلات کے بارے میں آگاہ رکھیں، رنگ روڈ اسلام آباد اور راولپنڈی کا فلیگ شپ منصوبہ ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ رنگ روڈ منصوبہ سے جڑواں شہروں کے ٹریفک مسائل حل ہونگے، معاشی ترقی میں تیزی آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ بارانی علاقہ کاسب سے بڑا مسئلہ پینے اور زرعی ضروریات کیلئے پانی کی فراہمی ہے، سمال ڈیمز پر فاسٹ ٹریک پر کام کررہے ہیں، دودھوچہ، چھمان اور مبونہ ڈیمز کی تیز تکمیل کے لئے اقدامات کریں، فنڈز بھی مہیا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی تاریخ میں پہلی بار حکومتی اور اپوزیشن ممبران پر مشتمل کمیٹی ڈیمز پر کام کررہی ہے، رنگ روڈ منصوبہ اور سمال ڈیمز پر پیش رفت کے حوالے سے کمشنر راولپنڈی کی تعریف کی۔

شال بقیہ 18

رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے عمران خان زرکون کو ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کا اضافی چارج تفویض کردیا گیا ہے اعلامیے کے مطابق ڈپٹی کمشنر زیارت کینٹن (ر) میر مہراللہ خان بادینی کو ڈپٹی سیکرٹری وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ جبکہ ڈپٹی سیکرٹری محکمہ پی ایچ ای وقار خورشید کو ڈپٹی کمشنر زیارت تعینات کردیا گیا۔

شال بقیہ 19

تحویل میں لے لی جبکہ ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے لیویز فورس نے مقدمہ درج کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 20

انہوں نے کہا کہ دسمبر کے پہلے ہفتے میں ہسپتال میں داخل ہونے والے مریضوں کی تعداد انتہا پر پہنچ گئی تھی، دوسرے ہفتے میں آکسیجن/ وینٹی لیٹر کے مریضوں کی تعداد انتہا پر تھی، تیسرے ہفتے میں اموات میں اضافہ ہوا اور پھر کمی آئی، فیصلے اور نتائج انتہائی حساس باہمی ربط رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اعداد و شمار واضح کرتے ہیں کہ کووڈ-19 کے نتائج ذاتی انتخاب اور فیصلوں سے کس طرح سے منسلک ہیں، لہٰذا یہ ضروری ہے کہ ہم سب ذمہ داری لیں اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں، اگر ہم صحیح کام کرتے ہیں تو ہم زندگی اور معاش کا تحفظ کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان دنوں امریکا اور برطانیہ جیسے ممالک میں تباہی پھیل رہی ہے جہاں پہلی لہر کے مقابلے میں کہیں زیادہ کیسز اور اور کووڈ-19 کی اموات ہورہی ہیں، یہ خطرہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ اگر ہم صحیح کاموں کو جاری نہیں رکھتے تو ہمیں کس خطرے کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ریاست اور شہری دونوں اپنا کردار ادا کررہے ہیں۔ وزیر مملکت نے یہ انتباہ ملک میں کورونا کے کیسز میں 5 لاکھ سے تجاوز کرنے کے ایک دن بعد دیا ہے، اب تک پاکستان میں 5 لاکھ 4 ہزار 293 افراد کورونا کیسز کا شکار ہوچکے ہیں اور 10 ہزار 676 اموات ہو چکی ہیں جبکہ اس بیماری سے 4 لاکھ 58 ہزار 371 افراد صحتیاب ہوچکے ہیں۔

شال بقیہ 21

صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کا اجلاس ہوا جس میں ایچ ای سی حکام نے بتایا کہ ایچ ای سی کو بجٹ پورا بجٹ نہیں دیا جاتا ہمیں وہی پرانا بجٹ دیا گیا ہے، ہم سے جامعات گرانٹ مانگ رہی ہیں ہم کہاں سے دیں، کمیٹی حکومت کو تجویز کرے کہ ہمارا بجٹ بڑھائے، وی سیز اور طلباء سے بھی پوچھا جائے کہ انکو کیا مسائل ہیں۔ رکن کمیٹی مہتاب عزیز کا کہنا تھا کہ انٹرنیٹ کی فراہمی کا معاملہ سیاسی تھا تعلیمی مسئلہ نہیں، ٹیسٹنگ کی تیاری اور ٹیچنگ کے مسائل پر کمیٹی کو اگلی میٹنگ میں بتایا جائے، کورونا کی شروعات میں ایچ ای سی کے پاس 23 کورس آن لائن پڑھائے جا سکتے تھے۔ ایچ ای سی کے حکام نے بتایا کہ اب 118331 میں سے 113614 کورسز آن لائن پڑھائے جاسکتے ہیں۔

شال بقیہ 22

نظام اور اس کے آلہ کاروں سے نجات چاہتی ہے، اسلامی نظام کا قیام جماعت اسلامی کی جدوجہد کا مقصد ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں مرکزی تربیت گاہ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ دعوؤں کے باوجود موجودہ حکومت احتساب کے نظام کو موثر بنانے میں مکمل طور پر ناکام ہوگئی ہے۔ کرپشن کے خلاف مہم کے نام پر یکطرفہ تماشا جاری ہے۔ عوام تھانوں، کچہریوں میں ذلیل و خوار ہورہے ہیں۔ بر وقت اور سستے انصاف کی فراہمی کے لیے گزشتہ ستر برسوں میں کچھ نہیں کیا گیا۔ تھانہ کلچر ویسے کا ویسا ہے۔ لوگ پولیس سے خوف محسوس کرتے ہیں۔ دہشتگردانہ سرگرمیوں میں اضافہ ہورہا ہے۔ لوگ عوام آپ کو گھروں میں بھی غیر محفوظ سمجھتے ہیں۔ معیشت تباہی کے دہانے پر ہے لاکھوں پڑھے لکھے نوجوان روزگاری لیے لیے مارے مارے پھر رہے ہیں۔ پی ٹی آئی حکومت نے لوگوں کو نا صرف مایوس کیا بلکہ مہنگائی، بے روزگار اور بدامنی کے تحائف دے کر انہیں کو بدحال بھی کردیا۔

شال بقیہ 23

میں بھی ایم ٹی آئی نفاذ کا فیصلہ کرلیا گیا، جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سنٹر ایم ٹی آئی کی ڈی ایچ ای اور این آئی سی کراچی میں بھی ایم ٹی آئی نافذ ہوگا، وزارت صحت کی جانب سے نوٹیفیکیشن جاری کردیا گیا۔

شال بقیہ 24

ایشن کمیٹی ایک خودمختار کمیٹی ہے ٹرانسپورٹ کے حوالے سے جو بھی فیصلہ کیا جاتا ہے وہ پہلے کمیٹی کے ممبران سے منظور ہوکر پھر اس پر عملدرآمد کیا جاتا ہے بلوچستان میں ٹرانسپورٹ کا شعبہ انتہائی کسمپرسی کا شکار ہے ہمارا مقصد کسی کو تکلیف دینا نہیں ہے جب ہمارے ساتھ ناانصافی ظلم و زیادتی ہوگا ہم اپنے حق کے لئے پرامن احتجاج کرتے ہیں ہم پرامن اور محب وطن لوگ ہیں اس ملک کے لئے ہمارے بڑوں نے جو قربانیاں دی ہیں ہم بھی انکے مشن کو جاری رکھتے ہوئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے پرامن احتجاج کرنا ہر پاکستانی شہری کا حق ہے ہم سیکورٹی فورسز کے، لیویز، ایف سی، پولیس سمیت دیگر فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں گزشتہ روز خضدار انتظامیہ نے ہمارے مطالبات مانے اور کامیاب مذاکرات کرکے ہماری بات سنی اور ہماری حوصلہ افزائی کی ہم انکا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔

شال بقیہ 25

متعلق صدارتی ریفرنس میں سینیٹر ایڈووکیٹ لطیف یوسفزئی قومی اسمبلی کی نمائندگی کریں گے۔

شال بقیہ 26

درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے اور پاکستان کو جی ڈی پی کی کم شرح بڑھانے کی ضرورت ہے۔ پاکستان اور آئی ایم ایف دونوں ملک میں آئی ایم ایف کی مدد سے معاشی اصلاحات پر کام کر رہے ہیں جس میں خاص کر ٹیکس کی وصولی، معیشت کے استحکام اور مالی خسارے کو ختم کرنا ہے۔ گو کہ بیل آؤٹ پیکیج اب تک زیر التوا ہے تاہم پاکستان کو آئی ایم ایف سے ہنگامی طور پر 14 لاکھ ڈالر موصول ہوچکے ہیں تاکہ کورونا کی وبا کے باعث ہونے والے اخراجات اور معیشت کے اثرات پر وقتی طور پر قابو پایا جائے۔ حکام نے بتایا کہ خیال ہے کہ آئی ایم ایف کے پیکیج سے پاکستان کو اپنی مالی پوزیشن بہتر کرنے اور عالمی سطح پر معاشی اعتماد کی بحالی میں مدد ملے گی۔ پاکستان میں آئی ایم ایف کی نمائندہ تیریسا ڈین سالیجیز نے کہا کہ پاکستانی حکام اور آئی ایم ایف کی ٹیمیں بڑی اور مذاکرات میں لگی ہوئی ہیں، دونوں ٹیمیں سخت محنت کررہی ہیں اور پروگرام کی بحالی کے مثبت نتائج کے لیے کام کررہی ہیں۔

شال بقیہ 27

فوجیوں کے ہاتھوں 18 جولائی کو تین بے گناہ کشمیری نوجوان جعلی مقابلے میں شہید کردیے گئے تھے۔ عبدالحمید لون نے کہا کہ بھوپندر سنگھ نے بیس لاکھ کی انعامی رقم ہڑپ کرنے کے لئے یہ جعلی مقابلہ رچایا، دراجوری پونچھ کے تین نوجوانوں کو شوپیاں، اننت ناگ، پلوہ میں 18 جولائی کو شہید کرکے پاکستانی دراندازقرار دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ محمد ابرار، امتیاز احمد اور ابرار احمد کو بھارتی قابض افواج نے ایک جعلی مقابلے میں شہید کردیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ قابض افواج جعلی مقابلوں میں لاتعداد کشمیری نوجوانوں کو شہید کرکے میڈلز اور انعامی رقم بٹورتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت 26 جنوری یوم جمہوریہ کے موقع پر جعلی مقابلوں میں ڈرامہ ر

بلوچستان میں سرمایہ کاری کی راہیں ہموار ہو چکی ہیں، فرمان زرکون

گوادر پورٹ سٹی اربوں ڈالر کے پاک چین اقتصادی راہداری منصوبے میں گیٹ وے کی حیثیت رکھتا ہے

متعدد سرمایہ کار صوبے میں پروجیکٹس لگانے میں دلچسپی لے رہے ہیں، چیف ایگزیکٹو بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کی راہیں ہموار ہو چکی ہیں اور متعدد سرمایہ کار صوبے میں پروجیکٹس لگانے میں دلچسپی لے رہے ہیں، اس سلسلے میں بعض کمپنیوں کیساتھ معاملات طے پا رہے ہیں امید ہے ان پر جلد پیشرفت ہوگی اور صوبے میں نئے منصوبے شروع ہونگے، انہوں نے کہا کہ ہم بلا امتیاز تمام مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کا خیر مقدم کرتے ہیں کہ وہ آئین اور قدرتی وسائل سے مالا مال صوبے، خصوصاً معدنیات، قابل تجدید توانائی، تیل و گیس کی تلاش، ماہی گیری، فوڈ پروسیسنگ، رسد گاہوں، ساحلی ترقی اور سیاحت کے شعبوں میں سرمایہ کاری کریں، گوادر پورٹ سٹی اربوں ڈالر کے پاک چین اقتصادی راہداری منصوبے میں گیٹ وے کی حیثیت رکھتا ہے اور اس سے

بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول شیخ آباد گذانی میں عرصہ دراز سے ٹیچر زنہیں

ہیلا (آن لائن) گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول شیخ آباد گذانی میں عرصہ دراز سے ٹیچر زنہیں سکول بند بچیوں کی تعلیم متاثر تفصیلات کے مطابق پاکستان کے سب سے بڑے گذانی شپ بریکنگ یارڈ زون میں واقع شیخ آباد گوٹھ کا

بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم عوام کو ورغلانے کی کوشش کر رہی ہے، عتیق الرحمن خان کاکڑ

بلوچستان عوامی پارٹی مرکزی صدر جام کمال خان کی قیادت میں عوامی مسائل حل کر رہی ہے

عوام نے ماضی میں ان کی کارکردگی دیکھ لی ہے اب ان کے بہکاوے میں نہیں آئیں گے، رہنما بی اے پی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر رہنما عتیق الرحمن خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی اپنے منشور اور آئین کے عین مطابق عوامی مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے یہ بات انہوں نے بی کو پارٹی دفتر میں سینٹ کا ٹکٹ نہ ملنے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کی سیاست پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے اور پی ڈی ایم عوام کو ورغلانے کی کوشش کر رہی ہے عوام نے ماضی

بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

بلوچستان اور سندھ کے جزائر کو آئین کا تحفظ حاصل ہے، کبیر محمد شہی

موجودہ حکومت نے صدر پاکستان کو مشین پر بیٹھا کر ڈھائی سالوں میں 40 سے زائد آرڈیننس جاری کروائے ہیں

بلوچستان کو دیا گیا پہلا زخم بھرا نہیں وفاق ایک اور محاذ کھولنے کی کوشش کر رہا ہے، سینیٹر نائب صدر نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر و سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی نے کہا ہے کہ بلوچستان اور سندھ کے جزائر کو آئین کا تحفظ حاصل ہے آئی لینڈ ڈویلپمنٹ سے متعلق آرڈیننس آئین کے آرٹیکل 152 اور 172 کی کھلی خلاف ورزی ہے موجودہ حکومت نے صدر پاکستان کو مشین پر بیٹھا کر ڈھائی سالوں میں 40 سے زائد آرڈیننس جاری کروائے ہیں، بلوچستان کو دیا گیا پہلا زخم بھرا نہیں وفاق ایک اور محاذ کھولنے

بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ میر طارق خان مگسی نے نوتال تا گنداواہ مین شاہراہ کا معائنہ

گنداواہ (نامہ نگار) صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ میر طارق خان مگسی نے نوتال تا گنداواہ مین شاہراہ کا معائنہ کیا اور کولیٹی کی تعریف لانڈھی کے مقام پر بائے پاس کا سنگ بنیاد رکھا حامد علی انکوئی نے منصوبے کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی جمل مگسی: صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ میر طارق خان مگسی نے نوتال تا گنداواہ مین شاہراہ کا لانڈھی کے مقام پر جائزہ لینے پہنچے انہوں نے

بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری نے ٹیلیفونک ذریعے سے پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر حاجی میر عبدالغفور مینگل سے انکے جواں سال بھتیجے اور قبائلی رہنما حاجی محمد اسلم مینگل کے جواں سال فرزند عمران مینگل کے گزشتہ روز حادثاتی انتقال پر

بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

گدو ریوتھ فورم زون عباس گدو رگوٹھ حب کنڈی کی جانب سے افتتاحی تقریب و بعد ازاں مختصر پروگرام کا انعقاد کیا گیا

اوتھل (نامہ نگار) گدو ریوتھ فورم زون عباس گدو رگوٹھ حب کنڈی کی جانب سے افتتاحی تقریب و بعد ازاں مختصر پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ گدو ریوتھ فورم کے زیر اہتمام زون عباس گدو رگوٹھ میں گدو رپبلک لائبریری عباس گوٹھ اور گدو رکمیونٹی لرننگ زون کا گدو رگوٹھ فورم ایکٹیویٹی سینٹر

بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

امن وامان کی صورتحال کو ہر حال میں برقرار رکھا جائیگا، طارق الٰہی مستوئی

پولیس سائلین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیئے جائیں پولیس کا مورال تب ہی بلند رہتا ہے

اوتھل (آن لائن) ایس ایس پی لسبیلہ طارق الٰہی مستوئی نے کہا ہے کہ امن وامان کی صورتحال کو ہر حال میں برقرار رکھا جائیگا انشاءاللہ جلد حب ونندر اور اوتھل پولیس اسٹیشن کو ڈیجیٹل کمپیوٹرائز کیا جائیگا اور صدر آفس اوتھل میں بھی ایک آفس بنایا جائیگا جس میں ڈسٹرکٹ کنٹرول روم کا رائج کیا جائے گا تاکہ پولیس سائلین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیئے جائیں پولیس کا مورال تب ہی بلند رہتا ہے جب تک عوام کا جان و مال کا تحفظ یقینی ہو ہم نے تمام ایس ایچ او ز اور سی آئی ایز انچارجز کو ہدایت کردی ہے کہ وہ بلا امتیاز

بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

عمران خان کی کرسی ہر طرف سے ہل چکی ہے مزید دو اقتدار کی مسند پر بیٹھنے کا حقدار نہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

میں سائیوں کو عوام اپنی جمہوری اور آئینی جدوجہد سے گرانے میں کامیاب ہونے والے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکریٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم غلجائی مولانا حکیم حبیب اللہ مولانا محمد اشرف جان حاجی محمد شاہ لالا مفتی عبدالغفور مدنی حافظ مسعود احمد حاجی ولی محمد بزنجو حافظ سراج الدین عبدالغنی شیرازی چوہدری محمد عاطف مولانا جمال الدین حقانی مولانا محمد طاہر توحیدی

بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

حکومت زخمیوں کو ہر ممکن علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے، ارباب ناصر حیدر کاسی

دہشت گرد عناصر اپنے مذموم مقاصد کے حصول کیلئے بلوچستان کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان یوتھ فیس موومنٹ کے چیئرمین ارباب ناصر حیدر کاسی نے تربت بازار میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر دستی بم حملے اور عام شہریوں کے زخمی ہونے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم مقاصد کے حصول کیلئے بلوچستان کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں لیکن عوام سیکورٹی فورسز کے ساتھ ملکر انکے مذموم عزائم کو ناکام بنادیں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ تربت میں

بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر مرمتی کاموں کے سلسلے میں 12 جنوری کو کیسکو سٹی گرڈ اسٹیشن کے انٹر کنیکٹر اور کچلاک گرڈ سے کچلاک فیڈروں سے صبح 9 بجے سے دن 12 بجے تک انڈسٹریل گرڈ کے

بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

پولیو ایک موذی مرض ہے جو انسان کو زندگی بھر کے لیے اپاہج بنا دیتا ہے، عزت نزیر بلوچ

افغانستان میں ابھی تک یہ وائرس پایا جاتا ہے جلد پاکستان پولیو سے پاک ملکوں کے فہرست میں شامل ہوگا، ڈپٹی کمشنر

قلات (این این آئی) ڈپٹی کمشنر عزت نزیر بلوچ نے کہا ہے کہ پولیو ایک موذی مرض ہے جو انسان کو زندگی بھر کے لیے اپاہج بنا دیتا ہے ترقیاتی ممالک پولیو سے پاک قرار دے دیا گیا دنیا میں صرف پاکستان، نائیجیریا، افغانستان میں ابھی تک یہ وائرس پایا جاتا ہے جلد پاکستان پولیو سے

بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

ژوب صوبائی حکومت تعلیم کے فروغ پر بھرپور توجہ دے رہی ہے، ڈپٹی کمشنر ژوب شہک بلوچ

صوبائی وزیر حاجی مشخاخان کاکڑ عہدیداران اور معززین نے 163 نئے اساتذہ کو تعیناتی آرڈرز تقسیم کیے

ژوب (آن لائن) ژوب صوبائی حکومت تعلیم کے فروغ پر بھرپور توجہ دے رہی ہے ماڈل ہائی سکول ژوب میں ایجوکیشن دفتر ژوب کی جانب سی ٹی ایس پی میل اساتذہ میں تعیناتی آرڈرز تقسیم کرنے کے لیے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر حاجی

بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

اوتھل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر تین روزہ پولیو کی قومی مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

بروزگاری نے نوجوانوں کو ذہنی مریض اور مایوسیوں میں مبتلا کر دیا، جمعہ خان عبدالعزیز

میرٹ پر عمل درآمد نہ ہونے اور اقرباء پروریوں سے حق داروں کی حق تلفی عروج پر ہے

بھاگ (این این آئی) بروزگاری نے نوجوانوں کو ذہنی مریض اور مایوسیوں میں مبتلا کر دیا تعلیم یافتہ نوجوانوں کیلئے روزگار کے دروازے بند میرٹ پر روزگار کی فراہمی نہ ہونے کی وجہ سے تعلیم یافتہ نوجوان شدید مالی پریشانیوں سے دوچار ہو گئے حکومتی قرض فراہمی اعلان تک محدود نوجوان کا جرائم میں مبتلا ہونے کا خدشہ رپورٹ کے مطابق بلوچستان کی پسماندہ تحصیل بھاگ میں بیروزگاری عام ہونے کی اور میرٹ پر روزگار نہ ملنے پر بیروزگار نوجوانوں کی بڑی تعداد شدید مالی مشکلات سمیت مایوسیوں کا شکار ہیں جبکہ وفاقی حکومت لون کی فراہمی ایک خواب بن گیا ہے صحافیوں سے بات کرتے

بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

منشیات فروشی اور منشیات کا کاروبار نا قابل تلافی جرم ہے، ارباب امجد کاسی

منشیات فروشوں نے ہزارون نوجوانوں کی زندگیاں برباد کر دی ہے، ایس ایس پی کلات

قلات (این این آئی) ایس ایس پی کلات ارباب امجد کاسی نے کہا ہے کہ منشیات فروشی اور منشیات کا کاروبار نا قابل تلافی جرم ہے منشیات فروشوں نے ہزارون نوجوانوں کی زندگیاں برباد کر دی ہے منشیات فروشوں کے خلاف انتہائی باقاعدہ سے نمٹا جائے گا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کیا گیا ہے جس کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہونے لگے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ

بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ سول ہسپتال کوئٹہ کا دورہ کرنے کے دوران مریضوں کی عیادت کر رہے ہیں

یوسفزئی قوم کے مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرینگے، نور الحق یوسفزئی

یوسفزئی قوم کا بلوچستان میں رہنے والے تمام اقوام کے ساتھ مثالی اور برادرانہ تعلقات ہیں

کوئٹہ (آن لائن) یوسفزئی قومی اتحاد کے مرکزی چیئرمین نور الحق یوسفزئی نے کہا ہے کہ یوسفزئی قوم کے مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرینگے اور یوسفزئی قوم کسی کے بہکاوے میں نہ آئیں وہ گزشتہ روز سبی میں اسد خان یوسفزئی کی رہائشگاہ پر اپنے اور مرکزی کابینہ کے عہدیداروں میں دیئے گئے عصرانے کے موقع پر علاقے کے معززین سے بات چیت کر رہے تھے انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی پسماندگی کے ذمہ دار سردار نہیں استحصالی قوتیں ہیں، میر رئیس رئیسانی

بلوچستان کے تمام سرداروں کے اثاثے یکجا بھی کیے جائیں تو بیرون ملک جزائر نہیں خریدے جاسکتے

کوئٹہ (آن لائن) قبائلی رہنما نوابزادہ میر رئیس رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی پسماندگی کے ذمہ دار سردار نہیں استحصالی قوتیں ہیں، بلوچستان کے تمام سرداروں کے اثاثے یکجا بھی کیے جائیں تو بیرون ملک جزائر نہیں خریدے جاسکتے، وزیراعظم آنا، چین، پیٹرا فروخت، کھیل کود اور سیاحتی کرکٹ سے ہونے والی ترقی کے راز سے قوم کو آگاہ کریں۔ گزشتہ روز وزیراعظم عمران خان کے

بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

فائزہ رفسنجانی کے ٹرمپ سے متعلق متنازع بیان پر بھائی بہن پر برہم

خواہش تھی صدارتی انتخابات میں ٹرمپ جیت جائیں تاکہ ایران پر دباؤ ڈالا جاسکے، اپوزیشن رہنماء

تہران (این این آئی) ایران کے سابق صدر علی اکبر ہاشمی رفسنجانی کی صاحب زادی فائزہ ہاشمی کا ایک مقامی اخبار میں شائع ہونے والا مضمون ایرانی حلقوں میں زیر بحث ہے۔ اس مضمون میں فائزہ ہاشمی نے لکھا ہے کہ میری خواہش تھی کہ امریکا میں ہونے والے صدارتی انتخابات میں ٹرمپ جیت جائیں تاکہ ایران پر دباؤ ڈالا جاسکے۔ دوسری طرف فائزہ ہاشمی کے بھائی محسن ہاشمی نے بہن کے

بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

سعودی ولی شہزادہ محمد بن سلمان کا مستقبل کے شہر نیوم میں ولائن منصوبہ کا اعلان

ولائن 170 کلومیٹر پر محیط ہائبرسے مربوط ٹرین چلے گی اور فطرت کے عین مطابق ڈیزائن کیا جائے گا، بیان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے مستقبل کے شہر نیوم میں ولائن کے نام سے ایک نیا شہری منصوبہ شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ مستقبل میں شہری سوسائٹیوں کا ایک منفرد جدید ماڈل ہوگا اور یہ جدت اور فطرت کے حسین امتزاج کا غماز ہوگا۔ عرب ٹی وی کے مطابق شہزادہ محمد بن سلمان کی جانب سے جاری کردہ ایک سرکاری بیان میں کہا گیا کہ

بقیہ نمبر 71 صفحہ 3 پر

سیکریٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ ڈویژن محمد اسماعیل سنجرانی منیر احمد مینگل روڈ پر غیر قانونی اور دو نمبر رکشوں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

ملک بھر کی طرح ضلع لسبیلہ میں پولیو کی قومی مہم شروع کر دی گئی

6 ماہ سے لیکر 5 سال کے بچوں کو وٹامن A کے قطرے پلائے جائیں گے، ڈاکٹر آصف انور شاہوانی

اوتھل (نامہ نگار) ملک بھر کی طرح ضلع لسبیلہ میں پولیو کی قومی مہم شروع کر دی گئی، جس کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوتھل میں ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر افتتاح کیا، اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ یہ مہم 11 تا 15 جنوری 2021 تک جاری رہے گی جس میں پیدائش سے لے کر پانچ

بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

پانچ روزہ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لئے ہم سب کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، ڈاکٹر محمد یاسر بازئی

ضلع بھر میں 46 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں جائیں گے

سبی (این این آئی) ضلع سبی میں پانچ روزہ پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے، ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی نے پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر پانچ روزہ پولیو مہم کا افتتاح کر دیا ہے، ضلع بھر میں 46 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں جائیں گے، والدین، سول سوسائٹی، قومی قائدین، این جی اوز، علماء کرام اور اساتذہ کرام پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر بازئی کا میڈیا اور افتتاحی تقریب سے خطاب تفصیلات کے مطابق ضلع سبی میں آج سے پانچ روزہ پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے جو 15 جنوری تک جاری رہے گا ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سبی میں پانچ روزہ پولیو مہم کا افتتاح ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی نے پانچ سال

بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کا ریکوزیشن اجلاس 15 جنوری کو طلب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا ریکوزیشن اجلاس 15 جنوری کو طلب۔ بی کو اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبداللہ دس بزنجو نے اپوزیشن کے 19 ارکان کے دستخطوں سے جمع کروائی گئی ریکوزیشن پر خصوصی اجلاس جمعہ کو

بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر حاجی محمد شفا مینگل سے عبدالخالق بلوچ کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر حاجی محمد شفا مینگل سے بی کو سول ہسپتال کوئٹہ میں بلوچستان سول سیکرٹریٹ ایسوسی ایشن کے صدر عبدالخالق بلوچ نے ملاقات کی۔ اس موقع پر ہیلتھ یونٹ کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا خصوصاً کورونا وائرس کے دوران صوبائی حکومت کی جانب سے ملازمین

بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

کوئٹہ غیر قانونی اور دو نمبر رکشوں کیخلاف وسیع پیمانے پر کریک ڈاؤن کا آغاز

کوئٹہ شہر میں غیر قانونی دو نمبر اور جعلی پرمٹ ہولڈر رکشوں کی تعداد میں اضافہ تشویشناک ہے

موجودہ حالات میں غیر قانونی رکشوں کے خلاف کریک ڈاؤن ناگزیر ہو چکا ہے، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ ڈویژن

ہرنائی چیف آف خدرانی ملک عبداللہ خان ترین قبائلی و سیاسی جرگہ کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ ڈویژن محمد اسماعیل سنجرانی نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں غیر قانونی اور دو نمبر رکشوں کے خلاف وسیع پیمانے پر کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں ہائی کورٹ بلوچستان کے حکم سیکرٹری صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی احمد انکوئی اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی خصوصی ہدایت پر کارروائی عمل میں لاتے ہوئے آر ٹی اے عملہ، ٹریفک پولیس اور لیویز کے ہمراہ منیر احمد مینگل روڈ پر کارروائی کرتے ہوئے 11 رکشے بند جبکہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی، ضروری کاغذات کی عدم موجودگی اور کم عمر ڈرائیونگ پر 28 رکشوں کو چالان کئے۔ اس موقع پر

بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

نادرا انچارج منگچر محمد نعیم شاہوانی ایک ایماندار فرض شناس قابل آفیسر ہے، میر زاہد خان لہڑی

منگچر (نامہ نگار) منگچر نادرا اسٹاف سے اظہار یکجہتی کرتے ہیں انتظامیہ سرکاری دفتر کے اسٹاف سے بد سلوکی کا فوری نوٹس لے۔ نادرا انچارج منگچر محمد نعیم شاہوانی ایک ایماندار فرض شناس قابل آفیسر ہے نادرا میں عوام کی بہت بہترین انداز میں رہنمائی سرانجام دے رہے ہیں لیکن کچھ سیاسی

بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

میر عبدالکریم نوشیروانی نے خاران کی کچری میں بجلی کرنٹ سے جاں بحق شخص کے ورثاء کو ایک لاکھ روپے فراہم کر دیئے

خاران (این این آئی) میر کریم نوشیروانی نے جاں بحق شخص کے ورثاء کو ایک لاکھ روپے فراہم کر دیئے، بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر سابق وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے خاران کی کچری میں بجلی کرنٹ سے جاں بحق شخص کے ورثاء کے لئے اعلان کردہ ایک

بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ماشکیل میں متعلقہ حکام کی غفلت کی باعث صفائی کا نظام درہم برہم ہے

بازار سبزی منڈی و دیگر اطراف میں کچروں کا ڈھیر جمع لوگوں کو آمد و رفت اور خرید و فروخت میں مشکلات کا سامنا

ماشکیل (آن لائن) ماشکیل میں متعلقہ حکام کی غفلت کی باعث صفائی کا نظام درہم برہم ہے ماشکیل بازار سبزی منڈی و دیگر اطراف میں کچروں کا ڈھیر جمع لوگوں کو آمد و رفت اور خرید و فروخت میں مشکلات کا سامنا کچرہ جمع کرنے کا کوئی خاص انتظام نہیں بازار پنچایت کے حکام صفائی کے حوالے سے اقدامات نظر نہیں آ رہے ہیں علاقے کے لوگوں نے انتظامیہ اور متعلقہ ادارے سے صفائی کی خاص صورتحال پر نوٹس لینے اور متعلقہ حکام کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

حاجی عبدالرسول و ساتھیوں کی شمولیت سے پارٹی مزید مضبوط و مستحکم ہوگی، سجاد حسین

پنجگور (این این آئی) بی این پی عوامی صوبے کی سب سے بڑی جماعت ہے حاجی عبدالرسول و ساتھیوں کی شمولیت سے پارٹی مزید مضبوط و مستحکم ہوگی ان خیالات کا اظہار بی این پی عوامی پنجگور کے سینئر کارکنوں سجاد حسین، نصیر احمد ساجدی نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ سوراب گدر کے قبائلی و سیاسی شخصیت حاجی عبدالرسول مینگل کی سینکڑوں سیاسی ورکرز کے ہمراہ بی این پی عوامی میں شمولیت پارٹی قائدین کی پرخلوص اور ایماندارانہ جدوجہد کا نتیجہ ہے۔

جے یو آئی کارکنان 13 جنوری کو پی ڈی ایم جلسہ عام کامیابی کیلئے جدوجہد تیز کریں، مرتضیٰ سرور

لورالائی پی ڈی ایم جلسہ عام تاریخی ہوگا، نجیب اللہ حمد اللہ حمدی

جمعیت طلباء اسلام تمام عصری اداروں میں مذید فعال کرنا ضروری ہے، مرتضیٰ سرور

قلعہ سیف اللہ (پ ر) جمعیت طلباء اسلام ضلع قلعہ سیف اللہ کے کنوینر مرتضیٰ سرور اور معاونین کنوینرز آدم خان خیرخوا نجیب اللہ کاکڑ عبدالقادر رحمدین ناصر خان اسماعیل زئی صحبت اللہ ظہور احمد حمد اللہ احمدی رحمت اللہ محمد سلیم نور اللہ مسعود سمیع اللہ قاسمی نصیر احمد دیگر نے کہا کہ تمام جے یو آئی کے ورکرز 13 جنوری میں لورالائی میں پی ڈی ایم احتجاجی مظاہرہ اور کانفرنس کیلئے بھرپور تیاری کریں جے یو آئی کارکنان 13 جنوری کو پی ڈی ایم جلسہ عام کامیابی کیلئے جدوجہد تیز کریں۔

کاکڑ کالونی میں واقعہ ٹیوب ویلوں کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، رحیم آغا

ٹیوب ویلوں اور ٹریکٹروں کی وجہ سڑک بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، صدر انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ)

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے صدر رحیم آغا، حاجی نصر الدین کاکڑ، عمران ترین، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، حیدر آغا، فاروق شاہوانی، نعمت ترین، رشید آغا، ضیاء الدین کاکڑ، وحید بلوچ اور دیگر کابینہ نے اپنے مشترکہ بیان میں ضلعی انتظامیہ اور ایڈمنسٹریشن کی توجہ کاکڑ کالونی کی طرف مرکوز کراتے ہوئے کہا ہے کہ کاکڑ کالونی میں واقعہ ٹیوب ویلوں کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

گنداواہ کوئٹہ واٹر چینل کی پل توڑنے کا نوٹس لے لیا جائے، میر عرفان خان ایلانزئی

جمل مگسی (نامہ نگار) گنداواہ کوئٹہ واٹر چینل کی پل توڑنے کا نوٹس لے لیا جائے صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ میر طارق خان مگسی ڈپٹی کمشنر جمل مگسی ڈاکٹر شرٹیل نور سے اپیل کوٹاہ کے اہم شخصیت میر عرفان خان ایلانزئی نے بتایا کہ گنداواہ نوتال روڈ کے لئے بجری لے جانے والے

بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

فیض آباد تا تہبورو ڈی کی تعمیر کے لئے چندہ مہم ٹیم کے شرکاء کا فیض آباد کیمپ سے ڈیرہ مراد جمالی تک ریلی نکالی گئی

ڈیرہ مراد جمالی اللہ والے چوک پریس کلب کے سامنے احتجاج اور ریلی کے شرکاء سے مقررین کا خطاب

نصیر آباد (نامہ نگار) فیض آباد تا تہبورو ڈی کی تعمیر کے لئے چندہ مہم ٹیم کے شرکاء کا فیض آباد کیمپ سے ڈیرہ مراد جمالی تک ریلی نکالی گئی ڈیرہ مراد جمالی میں چوک پریس کلب کے سامنے احتجاج اور ریلی کے شرکاء سے مقررین کا خطاب تہبو کے سماجی اور قبائلی رہنما اس محمد شریف عمرانی میر مقبول احمد عمرانی میر بشیر احمد خان عمرانی کی قیادت میں فیض آباد تا تہبورو ڈی کی تعمیر کے لئے چندہ مہم ٹیم کے درجنوں افراد کا ڈیرہ مراد جمالی میں اللہ والے چوک پریس کلب کے سامنے احتجاج کیا گیا اس موقع پر میر مقبول

بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

لورالائی میں پی ڈی ایم کا جلسہ تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، یعقوب خان ناصر

صوبائی حکومت اور ڈویژنل انتظامیہ جلسے کیلئے فل پروف سیکورٹی کو یقینی بنانے کیلئے ہنگامی اقدامات کرے

لورالائی میں عوام کا جوش و جزبہ دیکھ کر لگ رہا ہے کہ جلسہ عام میں ایک لاکھ افراد سے زائد لوگ شرکت کرینگے، سینیٹر

لورالائی (این این آئی) پی ڈی ایم کے رہنماء مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر سینیٹ کے سٹینڈنگ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ 13 جنوری کو لورالائی میں پی ڈی ایم کا جلسہ تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائیگا لورالائی میں عوام کا جوش و جزبہ دیکھ کر لگ رہا ہے کہ جلسہ عام میں ایک لاکھ افراد سے زائد لوگ شرکت کرینگے۔ یہ بات انہوں

بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

کوئٹہ محکمہ صحت کی رضا کار خاتون بچوں کو پولیو کے قطرے پلا رہی ہے

سابق ایم این اے میر فرید اللہ خان جمالی کا گنداخہ کا دورہ مختلف شخصیات سے تعزیت

گنداخہ (آن لائن) سابق ایم این اے میر فرید اللہ خان جمالی کا گنداخہ کا دورہ مختلف شخصیات سے تعزیت تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعظم مرحوم میر ظفر اللہ خان جمالی کے فرزند سابق ایم این اے میر فرید اللہ خان جمالی نے تحصیل گنداخہ کا دورہ کیا میر فرید اللہ خان جمالی نے اپنے

بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

سرحدی شہر چمن میں دھماکہ تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

چمن (آن لائن) سرحدی شہر چمن میں دھماکہ تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ایس ایچ او محمد احمد کے مطابق